۱۳	ذُوْذَاتٍ	۶۷	۳۱	لَیْسَ بِمُرَکَّبٍ مِّنَ الْاَجْزَاءِ	۹۷
۱۴	ذُوْمَاهِیَّتٍ	۹۱	۳۲	مُسْتَوِیْ عَلَی الْعَرْشِ	۸۴
۱۵	ذُوْنَفْسٍ	۶۸	۳۳	اَلْمَوْجُوْدُ	۶۳
۱۶	ذُوالْوَجْهِ الْمُنَوَّرِ	۷۳	۳۴	وَاجِبُ الْوُجُوْدِ	۶۲
۱۷	غَیْرُ مُتَنَاهٍ	۹۸	۳۵	هُوَمَعْنًی	۱۰۳
۱۸	قَائِمٌ بِالذَّاتِ	۶۵	۳۶	یَاهُوَ	۸۸

۶۳ — وَاجِبُ الْوُجُوْدِ = خدا کا وجود لذاتہ
وَاجِبُ الْوُجُوْد
ضروری ہے کسی علت سے
معلل نہین ہے؛ اس کے متعلق شافی
بحث دیکھو تفسیر کبیر جلد اول صفحہ ۷۰ مطبوعہ مطبع
شرفیہ مصر۔ خدا فارسی مین بمعنی خود آیندہ ہے
اور یہی معنی واجب الوجود کے ہین

۶۴ — اَلْمَوْجُوْدُ = وہ ذات جس کا وجود حقیقی
اَلْمَوْجُوْد
ہے موجود حقیقی باری تعالیٰ ہے یعنی
اوس کا وجود ازلی و ابدی ہے۔ دیگر موجودات
عالم بلحاظ اعتبارات کے محض ظلی ہین یعنی
پرتو وجود حقیقی کے ہین۔

۶۴ — کَائِنٌ = ثابت، موجود؛ محمد بن علی
کَائِن
سے روایت ہے کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ
کو اور اونھون نے اپنی اولاد کو دعاء ذیل تعلیم فرمائی ہے
یَا کَائِنُ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَیَا مُکَوِّنَ کُلِّ شَیْءٍ وَیَا کَائِنُ
بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ اِفْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا = اے ہر
چیز سے پہلے موجود! اے موجود کرنے
والے ہر چیز کے! اے بعد ہر چیز کے
رہنے والے! میرے حق مین ایسا اور ویسا کر۔
بعض اخبار اور ادعیہ ماثورہ مین رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے الفاظ ذیل مروی ہین:
یَا کَائِنًا قَبْلَ کُلِّ کَوْنٍ وَیَا حَاضِرًا مَعَ کُلِّ کَوْنٍ
وَیَا بَاقِیًا بَعْدَ انْقِضَاءِ کُلِّ کَوْنٍ اِفْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا
= اے سب موجودات سے پہلے موجود!
اے ہر موجود کے پاس حاضر! اے ہر
موجود کے ہو گزرنے کے بعد موجود! میرے
حق مین ایسا اور ویسا کر۔

۶۵ — قَائِمٌ بِالذَّاتِ = ذات باری اپنے
قَائِمٌ بِالذَّات
قیام کے لیئے کسی دوسرے کی
محتاج نہین ہے؛ یہہ اصطلاح فلسفہ ہے؛
علم ما بعد الطبیعۃ مین بہت استعمال کی جاتی ہے

۶۶ — اَنِّیْ = تحقیق مین ہون؛ فلاسفہ نے
اَنِّیْ
اس مضمون کو منسوب باللہ کیا ہے یعنی
وجود کے لحاظ سے منسوب بواجب الوجود ہے
یونانی اور لاطینی لفظ Ego = اِیگو کا عربی
ترجمہ ہے اور قرآن مجید مین دیکھو سورۂ قصص
نمبر ۲۸ نمبر آیتہ ۳۰/۳۸۵، اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ
= بیشک مین عالمون کا پالنے والا اللہ مین ہی ہون۔

۶۷ — ذُوْذَات = ذات والا ہے، ذات الٰہی
ذُوْذَات
سے بعض حکماء اور علماء نے بحث کی
ہے؛ سعید بن جبیر، ابن عباس رضی اللہ عنہما

سے روایت کرتے ہین کہ تفکروا فی قدرۃ اللہ
ولا تفکروا فی ذاتہ = خدا کی قدرت مین غور کرتے
رہو، اور اوس کی ذات مین فکر مت کرو،
کیونکہ انسان کا قوت مدرکہ بوجہ محدود ہونے
کے ادراک ذات باری غیر محدود و غیر متناہی سے
فطرتاً قاصر ہے۔

ذو نفس

۶۸۔ ذو نفس = نفس والا ہے مثلاً تعلم
ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک انک
انت علام الغیوب = جو میرے نفس مین ہے
اوس کو تو جانتا ہے اور جو تیرے نفس مین ہے
اوس کو مین نہین جانتا ہون، چونکہ ذات باری
کے کنہ کا ادراک محال ہے لہذا حقیقت نفس
باری مین بحث کرنا عبث ہے، بادی النظر مین
ذو نفس اور ذو ذات مرادف المعنیٰ ہین۔

محکم و متشابہ

۶۹۔ واضح ہو کہ قرآن مجید مین بعض آیات
محکمات اور بعض متشابہات ہین عموماً
جو آیات بلحاظ اپنی حقیقت کے ادراک انسانی
سے زیادہ ہوتی ہین وہ متشابہ ہو جاتی ہین، اور
جن آیات کا ادراک نفس انسان بخوبی کر سکتا
ہے وہ آیات محکمات ہوتی ہین، لیکن بضعف الخلقت
انسان کا خاصہ ہے کہ وہ اپنے قویٰ نفس
مدرکہ کا کافی موازنہ نہین کرنا چاہتا ہے اور
آیات متشابہات کے غور اور فکر مین حیران
اور پریشان ہو جاتا ہے لہذا اس سے اجتناب
ضرور ہے ان ہر دو اقسام کی نسبت اللہ تعالیٰ
قرآن مجید پاک مین ارشاد ذیل فرماتا ہے:۔
ھو الذی انزل علیک الکتاب منہ آیات
محکمات ھن ام الکتاب واخر متشابہات
فاما الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ
ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ، وما یعلم تاویلہ الا اللہ،
والراسخون فی العلم یقولون امنا بہ کل من عند
ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب = خدا وہی ذات
ہے جس نے تجھ پر کتاب اوتاری جس مین
سے بعض آیتین پکی ہین کہ وہی اصل کتاب ہین اور
دوسری مبہم ہین، تو جن لوگون کے دلون مین
کجی ہے وہ تو قرآن کی اونھین مبہم آیتون کے
پیچھے پڑے رہتے ہین تاکہ فساد پیدا کرین،
اور تاکہ اون کے اصل مطلب کی ٹوہ لگائین
حالانکہ اللہ کے سوا اون کا اصلی مطلب کوئی
نہین جانتا ہے، اور جو لوگ کہ علم مین بڑی دستگاہ
رکھتے ہین وہ یہی کہتے ہین کہ اسپر ہمارا ایمان
ہے، سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے

اور ذي عقل لوگون کے سوا اور نصيحت قبول
ہي نہين کرتے ہين، ديکھو سورۂ آل عمران نمبر ۳
نمبر آيۃ ۵/۳۹۸ ۔

۷۰ ۔ بلحاظ تعريف محکم اور متشابہ کے ہر آيۃ کلام اللہ
(امثلۂ محکم ومتشابہ) پر غور کرنا ضرور ہے درصورتيکہ
آيۃ متشابہ ہو تو اوس مين غور کرنا عبث ہے مثلاً
اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى = اللہ عرش پہ مستوي
ہے ديکھو سورہ طٰہٰ نمبر ۲۰ نمبر آيۃ ۳/۲۳۵۲ ۔
يا مثلاً وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِہٖ = اور آسمان
لپٹے ہوئے اوس کے داہنے ہاتھ مين
ہون گے، ديکھو سورہ زمر نمبر ۳۹ نمبر آيۃ ۶۷/۲۴۸۱۴

۷۱ ۔ آيۃ مندرجہ دفعہ ۷۰ مين بہت اچھي
(ہدايت) طرح سے سمجھا ديا گيا ہے کہ قرآن
کي مشتبہ اور مبہم آيتون کے معاني مراد کے
درپے ہونا گمراہي کي نشاني ہين، دارمي اور
ابن عساکر وغيرہ لکھتے ہين کہ ضبيع نام ايک آدمي
مدينہ منورہ مين آيا، لوگون سے متشابہات قرآني
مين سوالات کيا کرتا تھا، حضرت عمر رضي اللہ عنہ
نے اوس کو شاخ کھجور سے اسيا پيٹا کہ اوس کا
سر لہولہان ہوگيا بالآخر عرض کيا کہ بس کرو جو
بات ميرے دماغ مين تھي وہ نکل گئي۔ غرض

اِس بيان سے يہہ ہے کہ دفعات ذيل کے
مندرجہ صفات باري مين راے زني نہ کي جاے

۷۲ ۔ ذُوْالْوَجْہِ = چہرہ والا ہے مثلاً کُلُّ شَيْءٍ
(ذوالوجہ) ہَالِكٌ اِلَّا وَجْہَہٗ = اللہ کے چہرے کے سوا
سب چيزين ہلاک ہونے والي ہين، ديکھو سورۂ
قصص نمبر ۲۸ نمبر آيۃ ۸۸/۳۳۳۳ ۔

۷۳ ۔ ذُوالْوَجْہِ الْمُنَوَّرِ = روشن چہرہ والا،
(ذوالوجہ المنور) اِس بارہ مين صحيح مسلم وغيرہ کتب
احاديث باختلاف الفاظ واتحاد معني بشمول حديث
ذيل بہت سے احاديث موجود ہين۔ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ
صَلَّى اللہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَنَامُ وَلَا يَنْبَغِيْ لَہٗ
اَنْ يَّنَامَ، يُرْفَعُ اِلَيْہِ عَمَلُ اللَّيْلِ بِالنَّہَارِ وَعَمَلُ
النَّہَارِ بِاللَّيْلِ، زَادَ الْمَسْعُوْدِيُّ وَحِجَابُہُ النُّوْرُ لَوْ کَشَفَہَا
لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْہِہٖ کُلَّ شَيْءٍ اَدْرَکَہٗ بَصَرُہٗ =
رسول اللہ صلي اللہ عليہ وسلم نے فرمايا ہے کہ
اللہ عز وجل نہ سوتا ہے نہ سونا اوس کي شان
کے سزاوار ہے، رات کا عمل اوس کے
پاس دن کو جاتا ہے اور دن کا عمل اوس کے
پاس رات کو جاتا ہے، مسعودي کي روايت ميں
مضمون ذيل بھي منجملہ حديث ہذا ہے:-
اوس کا حجاب نور ہے اگر وہ اوس کو دور

کرے تو جس چیز نے اوس کو دیکھا اوس کے چہرے کے انوار اوس چیز کو جلا دین گے۔

ذو العینین

۷۴ — ذُو العَینَین = دو آنکھون والا ہے، مثلاً وَاصبِر لِحُکمِ رَبِّکَ فَاِنَّکَ بِاَعیُنِنَا = آپ اپنے پروردگار کے حکم تک صبر کر کہ تو ہماری آنکھون مین ہے، دیکھو سورۂ طور نمبر ۵۲ نمبر آیۃ ۴۸/۸۷۴، بخاری وغیرہ کتب احادیث مین جویریہ سے روایت ہے کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّ اللّٰہَ لَیسَ بِاَعوَرَ وَاَشَارَ بِیَدِہٖ اِلٰی عَینَیہِ اَلَا اَنَّ المَسِیحَ الدَّجَّالَ اَعوَرُ عَینِ الیُمنٰی کَاَنَّ عَینَہٗ عِنَبَۃٌ طَافِیَۃٌ = رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اپنی آنکھ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اللہ کانا نہین ہے بلکہ دجّال مسیح داہنی آنکھ سے کانا ہے، اوس کی آنکھ ایسی ہے جیسا کہ خوشۂ انگور مین انگور کا نکلا ہوا دانہ۔

ذو الیدین

۷۵ — ذُو الیَدَین = ہاتھون والا ہے، مثلاً قَالَ یَا اِبلِیسُ مَا مَنَعَکَ اَن تَسجُدَ لِمَا خَلَقتُ بِیَدَیَّ، اَستَکبَرتَ اَم کُنتَ مِنَ العَالِینَ = خدا نے کہا کہ اے ابلیس جس کو مین نے اپنے ہاتھون بنایا اوس کو سجدہ کرنے سے تجھے کون چیز مانع ہوئی؟ کیا تو نے بڑائی اختیار کی؟ یا تو تھا ہی بڑے لوگون مین سے؟ دیکھو سورۂ ص نمبر ۳۸ نمبر آیۃ ۷۵/۸۴۳، ذو الید یا ذُو الیَدَین کے اصطلاحات شارع نے نسبت باری تعالیٰ کے کہین استعمال نہین کی ہین۔

ذو الیمین

۷۶ — ذُو الیَمِین = داہنے ہاتھ والا، مثلاً وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدرِہٖ وَالاَرضُ جَمِیعاً قَبضَتُہٗ یَومَ القِیَامَۃِ وَالسَّمٰوَاتُ مَطوِیَّاتٌ بِیَمِینِہٖ سُبحَانَہٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشرِکُونَ = اور ان لوگون نے تو خدا کی جیسی قدر کرنی چاہئے تھی ویسی اوس کی قدر نہ کی حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اوس کی ایک مٹھی مین ہوگی، اور آسمان لپٹے ہوئے اوس کے داہنے ہاتھ مین ہون گے یہہ لوگ جیسے شرک کرتے ہین خدا اوس سے پاک اور بلند ہے دیکھو سورۂ زمر نمبر ۳۹ نمبر آیۃ ۶۷/۱۳۸۴

ذو الکف

۷۷ — ذُو الکَفِّ = ہتیلی والا، اصطلاح ذو الکف کی مثال کلام عرب مین اللہ تعالیٰ کی نسبت دستیاب نہین ہوئی، بعض احادیث مین کف اللہ کا ذکر پایا جاتا ہے۔

ذو الاصابع

۷۸ — ذُو الاَصَابِعِ = انگلیون والا، صحیح مسلم وغیرہ کتب احادیث مین حدیث باب ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہ سے یون مروی ہے

کہ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِّنْ اَہْلِ الْکِتَابِ فَقَالَ یَا اَبَا الْقَاسِمِ اَبَلَغَکَ اَنَّ اللہَ عَزَّوَجَلَّ یَحْمِلُ السَّمٰوٰتِ عَلٰی اِصْبَعٍ وَالشَّجَرَ عَلٰی اِصْبَعٍ وَالثَّرٰی عَلٰی اِصْبَعٍ وَالْخَلَائِقَ عَلٰی اِصْبَعٍ فَضَحِکَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ وَاَنْزَلَ اللہُ جَلَّ ثَنَاؤُہٗ وَمَا قَدَرُوا اللہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ الخ = اہل کتاب سے ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اے ابا القاسم! تجھ کو یہہ معلوم ہے کہ اللہ تعالی ایک اونگلی سے آسمان کو اور ایک اونگلی سے زمین کو اور ایک اونگلی سے درختوں کو اور ایک اونگلی سے زمین کے نیچے جنت کو اور ایک اونگلی سے لوگوں کو اوٹھالیگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہنس پڑے کہ آپ کے سامنے کے چار دانت مبارک نمودار ہو گئے اور اللہ جل شانہ نے آیات ذیل نازل فرمایا :- وَمَا قَدَرُوا اللہَ حَقَّ قَدْرِہٖ الخ دیکھو دفعہ ۷۷

ذو الساق

۷۹ – ذُو السَّاقِ = پنڈلی والا ہے، مثلاً یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّیُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ = جس دن پنڈلی ظاہر کی جاویگی، اور مشرکین سجدہ کے لیے بلائے جاوینگے تو وہ نہ کر سکینگے دیکھو سورہ ن نمبر ۶۸ نمبر آیت ۴۲

ذو القدم والرجل

۸۰ – ذُو الْقَدَمِ وَالرِّجْلِ = قدم اور پاؤں والا، اس بارہ میں صحیحین وغیرہ کتب احادیث میں حدیث ذیل یوں مروی ہے:-

قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ جَہَنَّمُ تَقُوْلُ ہَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ حَتّٰی یَضَعَ رَبُّ الْعِزَّۃِ فِیْہَا قَدَمَہٗ فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ وَعِزَّتِکَ الخ = رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ دوزخ یہہ کہے گی کہ کچھ اور بھی؟ حتی کہ عزت والا خدا اوس میں اپنا قدم رکھیگا تو دوزخ کہے گی کہ تیری عزت کی قسم بس بس ہو گیا الخ۔

ذو الساعد والذراع

۸۱ – ذُو السَّاعِدِ وَالذِّرَاعِ = بازو والا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:-

اِنَّ غِلَظَ جِلْدِ الْکَافِرِ اِثْنَانِ وَاَرْبَعُوْنَ ذِرَاعًا بِذِرَاعِ الْجَبَّارِ وَضِرْسُہٗ مِثْلُ اُحُدٍ = کافر کے چمڑے کا موٹاپن خدائے جبار کے ہاتھ سے بیالیس ہاتھ ہوگا۔ اور اوس کی ہر ایک داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی۔

ذو الروح

۸۲ – ذُو الرُّوْحِ = روح والا ہے، مثلاً فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ سٰجِدِیْنَ = تو جب میں آدم کو پورا بنا چکوں اور اوس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اوس کے نہ سجدہ گر پڑو!

دیکھو سورہ حجر نمبر ۱۵ نمبر آیۃ ۲۹/۱۸۴۳ ؛ اس بارہ مین دیکھو کتب احادیث ۔

۸۳ ۔ ذُو الظِّلِّ = سایہ والا ؛ بخاری وغیرہ کتب احادیث مین حدیث ذیل یون مروی ہے

ذو الظل

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبْعَۃٌ یُظِلُّہُمُ اللّٰہُ فِیْ ظِلِّہٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّہٗ الخ = رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہے کہ سات قسم کے لوگ ہین جن کو خدا اوس دن جس مین بجز اوس کے سایہ کے سایہ نہ ہوگا اون کو اپنے زیر سایہ یعنی حمایت مین رکھیگا ۔

۸۴ ۔ مُسْتَوٍ عَلَی الْعَرْشِ = عرش پر مستوی ہے ؛ مثلاً اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ = بیشک تمہارا پروردگار وہی اللہ ہے جس نے چھہ دن مین آسمانون اور زمین کو پیدا کیا ، پھر عرش پر مستوی ہوا ۔ دیکھو سورہ اعراف نمبر ۷ نمبر آیۃ ۵۴/۱۰۰۵

مستو علی العرش

۸۵ ۔ واضح ہو کہ وضع الفاظ کا خاص اور موضوع لہ کا عام ہونا یا بالعکس یا دونون کا عام یا دونون کا خاص ہونا جیسا کہ علم ادب مین اس کے چند اقسام بیان کیے گئے ہین اور اوس مین اس سے بالاستیعاب بحث کی گئی ہے ، اون کتب مین دیکھنا چاہیئے ؛ ضرورت مقام کے لحاظ سے یہان صرف اس قدر بتایا جاتا ہے کہ الفاظ کے حسب ذیل دو اقسام ہین :-

تقسیم الفاظ

(۱) مظہرہ ۔

(۲) مضمرہ ۔

۸۶ ۔ مظہرہ اون الفاظ کو کہتے ہین جو مخصوص ماہیات پر دال ہون مثلاً سَوَاد ، بَیَاض ، حَجَر ، اِنسان ۔

مظہرہ

۸۷ ۔ اون الفاظ کو کہتے ہین جو کسی مخصوص ماہیات پر دال نہ ہون خواہ وہ موضوع متکلم کے لیے ہون یا مخاطب یا غائب کے لیے مثلاً اَنَا ، اَنْتَ ، ہُوَ ۔ ان مین کسی معین متکلم و مخاطب و غائب کی ماہیت پر دلالت نہین ہے ۔

مضمرہ

۸۸ ۔ ہُوَ = ضمیر غائب ہے ؛ اولیاء اللہ اپنے اذکار و ادعیہ مین اس کو ایسا مستعمل کرتے ہین جیسا کہ یہہ بھی اسماء اللہ مین سے ایک اسم ہو ؛ عبرانی مین یاہُو اللہ کا نام اس وجہ سے ہوگیا کہ اللہ کا نام لینا خلاف ادب خیال کیا جاتا تھا ، اور جب یہودی اصطلاح یاہُو استعمال کرتے تھے تو اوس سے مقصود باری تعالی ہوتا تھا ۔ تورات مین اوس کو یہوا = یاہُو سے تعبیر کیا ہے

ہو

ج گا۔ یہ تبادلہ علم تطابق اَلسنتہ سے
واضح ہوتا ہے مثلاً اُجودھیا = ایودھیا، جوگ
= یوگ۔ ہ حرف خفیف ہے، جب اُس کو
واضح کرنا ہوتا ہے توج کہتے ہین۔
اَللہ کو منادیٰ کرنے مین بوجہ کثرت استعمال
یاہُو عبرانی مین نام اِلٰہی ہوگیا ہے۔ انگریزی
مین جِہُووَا Jahova کہتے ہین۔

۸۹۔ لَیسَ بِجَوہَرٍ = جوہر نہین ہے، یعنی (لیس بجوہر)
ذات باری محل واقع ہونے سے
مستغنی ہے، امام رازی لکھتے ہین کہ فلاسفہ
اور نصاریٰ خدا پر جوہر کا اطلاق کرتے ہین؛
اور اوس کی وجہ یہہ بتاتے ہین کہ چونکہ مراد جوہر
سے وہ ذات ہے جو محل وموضوع سے مستغنی
ہو اور خدا مین بھی یہہ وصف پایا جاتا ہے،
اس لیئے ضرور ہوا کہ اوس کو جوہر کہا جائے؛
علاوہ اس کے جوہر وزن فوعل سے ہے مشتق
ہے جہر سے اور جہر ظہور کو کہتے ہین اور چونکہ
جوہر بھی بہ سبب اپنی شخصیت کے ظاہر الوجود
ہوتا ہے اس لیئے اوس کو جوہر کہتے؛ اس ہی
طرح خدا بھی ظاہر الوجود بلکہ سب سے اظہر ہے
وہ مستحق بلکہ اَولیٰ او انسب ہے کہ اوسے جوہر
کہا جائے؛ مگر متکلمین اس لفظ کا اطلاق
اوس پر بالکل ناجائز سمجھتے ہین کیونکہ جوہر اور
عرض کی بحث وہ مخلوق سے متعلق کرتے ہین
اور علۃ العلل کو اوس سے منزّہ قرار دیتے ہین۔

۹۰۔ لَیسَ بِعَرَضٍ = خدا قائم بالغیر نہین (لیس بعرض)
ہے؛ عرض صفت مخلوق ہے
واجب الوجود مین اوصاف ممکنات محض تمثیلاً
بیان کیئے جاتے ہین۔

۹۱۔ ذُوماہِیَّۃ = ماہیت والا ہے؛ فلاسفہ (ذوماہیۃ)
خدا پر ماہیت کا بھی اطلاق کرتے ہین
اصل مین ماہیت لفظ مرکب ہے جب اہل
زبان کو کسی چیز کی حقیقت دریافت کرنا ہوتی تھی
تو کہتے تھے کہ ماہی؟ جس کے یہہ معنی ہوتے
ہین کہ اس چیز کی حقیقت کیا ہے؟ اس مین
ما استفہامیہ ہے اور ہی ضمیر مونث ہے
حقیقت شئے کی طرف راجع ہے رفتہ رفتہ
وہی مرکب کلمہ ایک اصطلاح قرار پاگئی، اور اوس کا
اطلاق حقیقت شئے پر ہونے لگا، مگر متکلمین
اطلاق ماہیت خدا پر نہین کرتے ہین کیونکہ
اوس کو مخلوق سے متعلق کرتے ہین، اور
واجب الوجود کی بحث مین اوس کو لانا نہین

چاہتے ہین تاہم تصانیف امام فخرالدین رازی
جو امام متکلمین سمجھے جاتے تھے اوس نے
اس بحث کو باری تعالی مین درج کیا ہے؛
کیونکہ اس مین دوسری اصطلاح قرار نہین پائی ہے

۹۲ - لَیْسَ بِجِسْمٍ = خدا جسم نہین ہے؛ ایک
لَیْسَ بِجِسْمٍ
فرقہ ہے جن کو کرامیہ کہتے ہین
اون سے اکثر لوگون کا یہہ خیال اور اعتقاد ہے
کہ خدا کے لیئے جسم ہے اور اسی وجہ سے
خدا کو مجسّم کہتے ہین؛ وہ اس قول کے لوازم
سے غافل ہین کہ اس صورت مین اوس کا
مرکب و متحیز ہونا، جو علامات امکان وحدوث
سے ہے، لازم آ جاے گا۔

۹۳ - لَیْسَ بِذِیْ صُوْرَۃٍ وَّ تَشَکُّلٍ = خدا کے
لَیْسَ بِذِیْ صُوْرَۃٍ وَّ تَشَکُّلٍ
لیئے صورۃ اور تشکل نہین ہے
جیسا کہ انسان وغیرہ حیوانات وجمادات متشخص
اور متشکّل ہوتے ہین کیونکہ یہہ خواص اجسام مین
سے ہین ان کو بہ ذریعہ کم وکیف وحدود حاصل
ہوتا ہے، اور خدا اوس سے پاک ہے؛
اس بارہ مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث
ذیل مروی ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ =
اللہ نے آدم کو اپنی صورت کے مطابق بنایا
مأوّل ہے۔ یہہ مضمون کتب قدیمہ یہود اور
نصاری مین بھی موجود ہے؛ چونکہ انسان کا جزو
اعظم روح ہے اور روح من امر رب ہے لہذا
انسان کو عَلٰی صُوْرَتِہٖ کہنا صحیح ہے۔

۹۴ - لَا مَعْدُوْدٌ = خدا معدود نہین ہے؛
لَا مَعْدُوْدٌ
یعنی کم متصل مثلاً مقدار یا کم منفصل
مثلاً عدد کا محل نہین ہے کہ اجزاء وجزئیات کی
جہت سے قابل تعدد وتکثّر ہو ہان اوس کے
صفات مین تعدد وتکثر ممنوع نہین ہے کیونکہ
ابطال تعدد هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ سے ہوتا ہے۔

۹۵ - لَا مُتَبَعِّضٌ = خدا ذی ابعاض نہین ہے؛
لَا مُتَبَعِّضٌ
بعض کا اطلاق اوس کی نسبت نہین
ہوسکتا ہے کیونکہ علۃ العلل سے اوس کا تعلق
کرنا کسی طرح جائز نہین ہے۔

۹۶ - لَا مُتَجَزٍّ = خدا ذی اجزا نہین ہے؛
لَا مُتَجَزٍّ
دیکھو دفعہ ۹۵ و ۹۶۔

۹۷ - لَیْسَ بِمُرَکَّبٍ مِنَ الْاَجْزَاءِ = خدا اجزاء
لَیْسَ بِمُرَکَّبٍ مِنَ الْاَجْزَاءِ
سے مرکب نہین ہے؛ دیکھو دفعہ ۹۵

۹۸ - غَیْرُ مُتَنَاہٍ = خدا کے لیئے انتہا نہین
غَیْرُ مُتَنَاہٍ
ہے؛ کیونکہ انتہا مقادیر اور اعداد کے
صفات مین سے ہے اور خدا نہ ذی مقدار ہے

اور نہ ذی حد ہے۔

۹۹ - لَا يُوصَفُ بِالْكَيْفِيَّةِ = خدا کسی کیفیت (لا یوصف بالکیفیۃ)
مثلاً لون، طعم، رائحہ، حرارت،
برودت، رطوبت، یبوست وغیرہ سے
موصوف نہیں ہے کیونکہ یہ اجسام کے صفات
اور مزاج اور ترکیب کے توابع ہیں، اور
خدا ان سے مبرا ہے۔

۱۰۰ - لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ = نظریں اوس کو (لا تدرکہ الابصار)
دیکھ نہیں سکتی ہیں مثلاً لَا تُدْرِكُهُ
الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ = نظریں اوس کو
دیکھ نہیں سکتی ہیں اور وہ نظروں کو جانتا ہے؛
دیکھو سورۂ انعام نمبر ۶ نمبر آیۃ ۱۰۳/۸۹۱ —

۱۰۱ - لَا يُتَصَوَّرُ = تصور نہیں کیا جا سکتا ہے؛ (لا یتصور)
چونکہ ذات باری کی کنہ کا ادراک انسان
نہیں کر سکتا ہے لہذا اوس کا تصور بھی غیر ممکن
ہے؛ یہ صیغہ مضارع مجہول بالنفی ہے!
اس کو مضارع معروف نہ پڑھنا چاہیے کیونکہ
نوعیت علم باری پر ہم بوجہ محدود اور متناہی ہونے
کے کسی طرح حاوی نہیں ہو سکتے ہیں؛ علم باری
تعالی غیر محدود اور غیر متناہی ہے؛ دیکھو اس کی بحث فلسفہ
اور علم کلام میں۔

۱۰۲ - لَا يُرَى = دیکھا نہیں جاتا ہے؛ (لا یُری)
یہ بھی خفی کی طرح باطن کا ہم معنی ہے
دیکھو نمبر ۱۰۱ و ۳۵۴ و ۳۵۵ —

۱۰۳ - هُوَ مَعَنَا = خدا ہمارے ساتھ ہے (ھو معنا)
مثلاً اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا = بیشک اللہ ہمارے
ساتھ ہے؛ دیکھو سورہ توبہ نمبر ۹ نمبر آیۃ ۴۰/۱۲۷۴ —

فصل چہارم کمال

نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳
۱	سَلَامٌ	۱۰۴
۲	لَا یَتَغَیَّرُ	۱۰۵
۳	أَتَمُّ	۱۰۶
۴	مُتِمٌّ	۱۰۷
۵	ذُوالْکَمَالِ	۱۰۸
۶	مُکَمِّلٌ	۱۰۹

ردیف وار أسماء فصل چہارم کمال

نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳
۱	أَتَمُّ	۱۰۶
۲	ذُوالْکَمَالِ	۱۰۸
۳	سَلَامٌ	۱۰۴
۴	لَا یَتَغَیَّرُ	۱۰۵
۵	مُتِمٌّ	۱۰۷
۶	مُکَمِّلٌ	۱۰۹

۱۰۴ — سَلَامٌ = خود سلامت اُور عالم کا سلامت رکھنے والا، مثلاً اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ الخ = اَے خدا تو سلام ہے اُور تجھ سے سلامتی ہے الخ۔

۱۰۵ — لَا یَتَغَیَّرُ = تغیر و تبدل قبول نہین کرتا ہے نہ عدم سے وجود کی طرف اُور نہ وجود سے عدم کی طرف، کیونکہ وہ اَزلی اَبدی ہے، ہر حالت مین یکسان رہتا ہے وہ بشمول تغیر و تبدل کے کل عیوب سے پاک ہے، ذات کی طرح صفات حقیقیہ مین بھی قابل تغیر و تبدل نہین ہے، وہ ہر جہت سے واجب الوجود ہے، ہان صفات اضافی محضہ قابل تغیر و تبدل ہین، دیکھو قاضی مبارک۔

۱۰۶ — أَتَمُّ = بہت پورا، دیکھو دفعہ ۳۱۱

۱۰۷ — مُتِمٌّ = پورا کرنے والا، مثلاً وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ = اُور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے، اُور گو کفار کو بُرا لگے، دیکھو سورۂ صف نمبر ۶۱ نمبر آیتہ ۸ ۵۱۲۵

۱۰۸ — ذُوالْکَمَالِ = کمال والا ہے یہان کمال سے وہ کمال مراد نہین ہے جو ممکنات کو بذریعہ کسب و اکتساب حاصل ہوتا ہے کیونکہ وہ کمال استعارۃً بولا جاتا ہے کبھی واقعی کمال نہین ہوسکتا ہے، اُلبتہ ذات باری

دین واقعی کمال ہے یا دجود دیکھیہ ہم اوس پر حاوی نہ ہوسکیں —

١٠٩ ـ مُکمّل ـ پورا کرنے والا، یہہ آیتہ ذیل سے لیا گیا ہے:

اَلْیَومَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ =

آج ہی مین تمھارے لیئے تمھارے دین کو مکمل کر چکا، اور مین نے تم پر اپنی نعمت پوری کر دی۔ دیکھو سورہ مائدہ نمبر ۵ نمبر آیتہ ۵/۴۲

فصل پنجم ـ وحدانیت و شرک

نمبر شمار	نام	دفعه	نمبر شمار	نام	دفعه
١	٢	٣	٤	٥	٦
١	اَحَدٌ	١١٠	١١	لَاعَدِیْلَ لَهٗ	١٢٠
٢	وَاحِدٌ	١١١	١٢	لَامَثِیْلَ لَهٗ	١٢١
٣	وَحِیْدٌ	١١٢	١٣	لَانِدَّلَهٗ	١٢٢
٤	مُتَوَحِّدٌ	١١٣	١٤	لَاضِدَّ لَهٗ	١٢٣
٥	فَرْدٌ	١١٤	١٥	لَارَفِیْقَ لَهٗ	١٢٤
٦	فَرِیْدٌ	١١٥	١٦	مَااتَّخَذَ صَاحِبَةً	١٢٥
٧	مُتَفَرِّدٌ	١١٦	١٧	لَمْ یَلِدْ	١٢٦
٨	وِتْرٌ	١١٧	١٨	لَمْ یُوْلَدْ	١٢٧
٩	لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ	١١٨	١٩	لَاشَبِیْهَ	١٢٨
١٠	لَاشَرِیْکَ لَهٗ	١١٩	٢٠	لَاکُفُوْلَهٗ	١٢٩

ردیف وار اسما فصل پنجم وحدانیت و شرک

نمبر شمار	نام	دفعه	نمبر شمار	نام	دفعه
١	٢	٣	٤	٥	٦
١	اَحَدٌ	١١٠	٦	لَاشَرِیْکَ لَهٗ	١١٩
٢	فَرْدٌ	١١٤	٧	لَاضِدَّ لَهٗ	١٢٣
٣	فَرِیْدٌ	١١٥	٨	لَاعَدِیْلَ لَهٗ	١٢٠
٤	لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ	١١٨	٩	لَاکُفُوْلَهٗ	١٢٩
٥	لَارَفِیْقَ لَهٗ	١٢٤	١٠	لَامَثِیْلَ لَهٗ	١٢١

۱۱	لَا نِدَّ لَهٗ	۱۳۳	۱۶	مُتَفَرِّدٌ	۱۱۶
۱۲	لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ	۱۳۸	۱۷	مُتَوَحِّدٌ	۱۱۳
۱۳	لَمْ يَلِدْ	۱۳۶	۱۸	وَاحِدٌ	۱۱۱
۱۴	لَمْ يُولَدْ	۱۳۷	۱۹	وِتْرٌ	۱۱۷
۱۵	مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً	۱۳۵	۲۰	وَحِيدٌ	۱۱۲

۱۱۰ — (اَحَد) اَحَد بمعني ايک هے مثلاً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ = کهه که شان يهه هے که الله ايک هے، ديکهو سورة اخلاص نمبر ۱۱۲ نمبر آيتة ۱/۶۲۳۵ — فارسي مين اس کا هم معني نام يگانه هے۔

۱۱۱ — (وَاحِد) وَاحِدٌ = ايک، ديکهو دفعه ۳۵ ۷، اس کا بهي هم معني نام فارسي مين يگانه مستعمل هے۔

۱۱۲ — (وَحِيد) وَحِيدٌ = يگانه، يهه اور واحد هم معني هين دونون وحد سے مشتق هين۔

۱۱۳ — (مُتَوَحِّد) مُتَوَحِّدٌ = صاحب يگانگي، جيساکه عرب کهتے هين هُوَ اللّٰهُ الْمُتَوَحِّدُ = الله صاحب يگانگي هے۔

۱۱۴ — (فَرْد) فَرْدٌ = قدم اور ايجاد اور انتظام مين يگانه اس نام کے ثبوت کے ليے بيهقي نے کتاب الاسماء والصفات مين يه روايت جابر بن عبد الله حديث ذيل نقل کي هے که رسول خدا صلي الله عليه وسلم نے آيه رباني وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَاِنِّي قَرِيبٌ، اُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ الخ کے بعد دعا مانگي، که اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَمَرْتَ بِالدُّعَاءِ وَتَكَفَّلْتَ بِالْاِجَابَةِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ فَرْدٌ اَحَدٌ صَمَدٌ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَكَ كُفُوًا اَحَدٌ وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ = الٰهي! توهي نے دعا مانگنے کا حکم ديا هے اور توهي اوس کے قبول کرنے کا ذمه دار هوا هے تيري خدمت اور تعميل حکم کے ليے کهڑا هون اور اس کي پابندي مين اپنے مقام پر جما رهون گا، يا الٰهي! تيري خدمت اور تعميل حکم کے ليے کهڑا هون اور اس کي پابندي مين اپنے مقام پر جما رهون گا تيري خدمت اور تعميل حکم کے ليے کهڑا هون اور اس کي پابندي مين اپنے مقام پر جما رهون گا تيرا کوئي شريک نهين تيري خدمت اور تعميل حکم کے ليے کهڑا هون اور اس کي پابندي مين اپنے

مقام پر جمار ہون گا۔ ہر طرح کی تعریف اور شکر
اور بادشاہی تیرے ہی لیئے ہے، تیرا کوئی
شریک نہین ہے؛ مین گواہی دیتا ہون کہ تو
قدم اور ایجاد اور انتظام مین یگانہ اور ایک
اور بے نیاز ہے نہ تجھ سے کوئی پیدا ہوا
اور نہ تو کسی سے پیدا ہوا ہے، اور نہ تیرا کوئی
برابر کا ہے، اور اس بات کی گواہی دیتا ہون
کہ تیرا وعدہ اور تیرا ملنا حق ہے، اور جنت حق
ہے اور دوزخ حق ہے اور قیامت آنے
والی ہے؛ اوس کے قیام مین کسی طرح کا
شبہ نہین ہے اور جو لوگ قبرون مین ہین تو ہی
اون کو کھڑا کر دیے گا۔ فارسی مین اسکا ہم معنی نام یگانہ ہے

۱۱۵ – فَرِیْدٌ = یگانہ و بے ہمتا، یہہ فرد
فَرِیْدٌ
سے لیا گیا ہے۔ اس وصف سے افراد
انسان بھی متصف ہو سکتے ہین عام اس سے
کہ مدح مین ہو یا ذم مین مگر عموماً مقام مدح مین استعمال
کیا جاتا ہے، مثلاً زید علم مین فرید الدہر ہے
چونکہ باری تعالی کے لیئے اسماء الحسنی ہین
لہذا اسماء قبیحہ کبھی اوس سے متعلق نہین ہو سکتے
ہین بے ہمتا اس کا فارسی مین ہم معنی نام ہے

۱۱۶ – مُتَفَرِّدٌ = تنہا و یگانہ، یہہ بھی فرد سے
مُتَفَرِّدٌ

لیا گیا ہے۔

۱۱۷ – وِتْرٌ = طاق، وتر اسماء الٰہی ین سے
وِتْرٌ
ہے اس کا اطلاق روایت و درایت
دونون سے صحیح ہے کیونکہ جب ماسوا اللہ کسی
قدیم معبود کا ثبوت نہین ہے تو لامحالہ وہ واحد
اور وتر رہا، چنانچہ صحیح مسلم اور بخاری مین ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اِنَّ اللّٰہَ وِتْرٌ
یُحِبُّ الْوِتْرَ = خدا طاق ہے اور طاق کو پسند
کرتا ہے۔ دیکھو دفعہ ۷۴

۱۱۸ – لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ = اللہ کے سوا کوئی معبود
لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
نہین مثلاً وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ، لَا اِلٰہَ اِلَّا
ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ = اور تمہارا معبود یگانہ خدا ہے
اوس کے سوا کوئی معبود نہین ہے، بڑا رحم
کرنے والا ہے مہربان ہے۔ دیکھو سورۂ
بقرہ نمبر ۲ نمبر آیت ۱۶۳/۱۶۲ –

۱۱۹ – لَا شَرِیْکَ لَہٗ = اللہ کا کوئی شریک
لَا شَرِیْکَ لَہٗ
نہین ہے مثلاً لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ
اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ = اللہ کا کوئی شریک
نہین ہے اور اس ہی کا مامور ہون، اور مین
پہلا فرمان بردار ہون، دیکھو سورۂ انعام نمبر ۶

نمبر آیتہ ۱۶۳/۵۹۱ —

۱۲۰ — لاعدیل لہٗ = کوئی اللہ کی برابری
(لاعدیل لہٗ)
کا نہین ہے، یہہ لاکفولہ کا ہم معنی
ہے اور اوس کی بنا پر ہے دیکھو دفعہ ۱۲۹

۱۲۱ — لامثل لہٗ = اوس کی کوئی مثل نہین
(لامثل لہٗ)
ہے مثلاً لیس کمثلہ شیئ = خدا کی کوئی
مثل نہین ہے، دیکھو سورۃ شوری نمبر ۴۲
نمبر آیتہ ۹/۴۴۸۴، فارسی مین اس کے
ہم معنی نام بیچون و بیچگون ہین —

۱۲۲ — لاندلہٗ = اللہ کا کوئی ہم پلہ نہین ہے
(لاندلہٗ)
مثلاً فلا تجعلوا للہ اندادا و انتم تعلمون
پس دانستہ اللہ کا کوئی ہم پلہ نہ بناؤ دیکھو سورۃ
بقرہ نمبر ۲ نمبر آیتہ ۲۱/۲۸ —

۱۲۳ — لاضدلہٗ = اللہ کا کوئی مخالف نہین
(لاضدلہٗ)
ہے جیسے بعض زرتشتی یزدان اور
اورا ہرمن دو صفات متضادہ کے وجود
بالذات کے اس عالم مین قائل ہین، اہل
اسلام اس کو شرک قرار دیتے ہین —

۱۲۴ — لارفیق لہٗ = اللہ کا کوئی ساتھی
(لارفیق لہٗ)
نہین ہے مقصود اوس کی بے نیازی
ہے وہ کسی کی رفاقت کا محتاج نہین ہے،
لارفیق لہٗ مین لانفی جنس کے لیئے ہے
جس کے یہہ معنی ہوتے ہین کہ کوئی ساتھی
اوس کا نہین ہے خواہ از قسم زن و فرزند ہو
یا غیر ازین ہو مثلاً ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا =
اوس نے نہ جورو بنایا ہے اور نہ اولاد دیکھو دفعہ ۱۲۶ —

۱۲۵ — ما اتخذ صاحبۃ = اللہ نے کسی کو جورو
(ما اتخذ صاحبۃ)
نہین بنایا مثلاً و انہ تعالی جد ربنا ما
اتخذ صاحبۃ ولا ولدا = اور ہمارے پروردگار کی
بڑی اونچی شان ہے اوس نے نہ کسی کو جورو
بنایا ہے اور نہ اولاد دیکھو سورۃ جن نمبر ۷۲
نمبر آیتہ ۳/۵۴۵۵ —

۱۲۶ — لم یلد = اللہ سے کوئی پیدا نہین
(لم یلد)
ہوا مثلاً لم یلد و لم یولد = نہ اللہ سے
کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، دیکھو
سورہ اخلاص نمبر ۱۱۲ نمبر آیتہ ۳/۶۲۳۲ —

۱۲۷ — لم یولد = اللہ کسی سے پیدا نہین ہوا
(لم یولد)
دیکھو دفعہ ۱۲۶

۱۲۸ — لاینتج = بصیغہ معروف و مجہول
(لاینتج)
دونون طرح بن سکتا ہے مادہ اس کا نتج
ہے، نتج جننے اور پیدا ہونے کو کہتے ہین
مثلاً نتجت الناقۃ = اوٹنی جن گئی، جب اس پر

باب اَفعال داخل ہوا تو نتج سے اَنتج یُنتج
ہوگیا اگر بصیغہ معروف ہو تو اوس کے معنی
لم یَلِد کے ہوتے ہین، اور اگر بصیغہ مجہول
ہو تو اوس کے معنی لم یولد کے ہوتے ہین
دیکھو دفعات ۱۳۶ و ۱۳۷، یہہ اس کے
لغوی معنی ہین، منطقی اپنی اصطلاح مین اوس کو
کہتے ہین جو برہان سے حاصل نہ ہو جیسا کہ
نتیجہ قیاس سے حاصل ہوتا ہے بلکہ اللہ
خود ہر چیز پر برہان ہے وہ بدیہی ہے نظری
محتاج برہان ہوتا ہے اس کے متعلق دیکھو
دفعات ۳۰۰ و ۳۰۱ ـ

لَا کُفُوَ لَہٗ

۱۳۹ ـ لَا کُفُوَ لَہٗ = اللہ کی ہمسری کا کوئی
نہین ہے، دیکھو سورۃ اخلاص
نمبر ۱۱۲ نمبر آیۃ ۴/۶۲۳۸

فصل ششم غناء

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	صَمَد	۱۳۰	۶	مُغْنِی	۱۳۵
۲	غَنِی	۱۳۱	۷	لَا یَنْقُصُ خَزَائِنُہٗ	۱۳۶
۳	اَغْنٰی	۱۳۲	۸	لَیْسَ بِسَائِلِ الْاَمْوَال	۱۳۷
۴	اَقْنٰی	۱۳۳	۹	لَیْسَ بِمُسْتَحْیِی	۱۳۸
۵	لَا یُعْطٰی	۱۳۴	۱۰	لَا یَنْفَعُ طَاعَاتُ الْمُطِیْعِیْن	۱۳۹

ردیف وار اسما فصل ششم غناء

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَغْنٰی	۱۳۲	۶	لَا یَنْفَعُ طَاعَاتُ الْمُطِیْعِیْن	۱۳۹
۲	اَقْنٰی	۱۳۳	۷	لَا یَنْقُصُ خَزَائِنُہٗ	۱۳۶
۳	صَمَد	۱۳۰	۸	لَیْسَ بِسَائِلِ الْاَمْوَال	۱۳۷
۴	غَنِی	۱۳۱	۹	لَیْسَ بِمُسْتَحْیِی	۱۳۸
۵	لَا یُعْطٰی	۱۳۴	۱۰	مُغْنِی	۱۳۵

صَمَد

۱۳۰ ـ صَمَد = بے نیاز، مثلاً اَللّٰہُ الصَّمَد
= اللہ بے نیاز ہے، دیکھو سورۃ
اخلاص نمبر ۱۱۲ نمبر آیۃ ۲/۶۲۳۶ ـ یہہ بھی فارسی
مین اس کا ہم معنی نام ہے ـ

۱۳۱ — غَنِيٌّ = بے نیاز دیکھو دفعہ ۲۶ - ۱۲۷ (غَنِيٌّ)
یہہ ہی نام فارسی مین مستعمل ہے۔

۱۳۲ — أَغْنٰی = مالدار کرتا ہے یا بہت مالدار ہے (أَغْنٰی)
وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنٰى وَأَقْنٰى = اللہ مالدار کرتا
ہے، یا بہت مالدار ہے، اور صاحب سرمایہ
کرتا ہے، یا بہت صاحب سرمایہ ہے، یہہ
بصیغہ ماضی معروف اور اسم تفضیل دونون
طرح ہو سکتا ہے۔

۱۳۳ — أَقْنٰى = صاحب سرمایہ کرتا ہے (أَقْنٰى)
یا بہت صاحب سرمایہ ہے دیکھو دفعہ ۱۳۲

۱۳۴ — لَا يُعْطٰى = نہین دیا جاتا ہے، (لَا يُعْطٰى)
یعنی خدا ہمارے دین کا محتاج نہین
کہ ہم کسی چیز سے اوس کی امداد کرین یہہ اور غنی
قریب قریب ہم مفہوم ہین جو قرآن مجید مین موجود
ہے۔ دیکھو دفعہ ۱۳۱ —

۱۳۵ — مُغْنِيٌّ = مالدار کرنے والا، یہہ آیۃ (مُغْنِيٌّ)
ذیل سے لیا گیا ہے:—
وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنٰى = اور اللہ نے تجھ کو
مفلس پایا تو اوس نے غنی کر دیا، دیکھو سورۃ
ضحی نمبر ۹۳ نمبر آیۃ $\frac{8}{6 \cdot 93}$ ؛

۱۳۶ — لَا يَنْقُصُ خَزَائِنُهُ = خدا کے خزانے (لَا يَنْقُصُ خَزَائِنُهُ)
کم نہین ہوتے ہین مثلاً قُلْ لَوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُونَ
خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْ إِذًا لَأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنْفَاقِ
= کہہ کہ اگر میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے
تمھارے اختیار مین ہوتے تو خرچ ہو جانے
کے خوف سے تم بند رکھتے، دیکھو سورۃ
بنی اسرائیل نمبر ۱۷ نمبر آیۃ $\frac{1}{2 \cdot 14 \cdot 9}$ ، عبارت
النص تو انسان کے بخل اور بخشش الٰہی
کے متعلق ہے مگر ساتھ اس کے یہہ بھی
اوس کا مقتضی ہے کہ اون مین کسی طرح کا یہہ
اندیشہ نہین ہے کہ خرچ کرنے سے وہ کم
ہو جائین اور اس ہی وجہ سے فرمایا کہ تم اوس ہی
وقت اوس کو بند کر رکھتے کہ کہین خرچ نہ ہو نے
پائین جو مستلزم نقص ہے حالانکہ یہہ اون کی رلیے
کی غلطی ہوتی اون مین کسی طرح کمی نہین آسکتی ہے۔

۱۳۷ — لَيْسَ بِسَائِلِ الْأَمْوَالِ = اللہ مال کا (لَيْسَ بِسَائِلِ الْأَمْوَالِ)
مانگنے والا نہین مثلاً وَإِنْ
تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ أُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ
= اگر تم خدا پر ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرتے رہو
تو اللہ تم کو تمھارا اجر دے گا، اور تمھارے
مال تم سے طلب نہین کرے گا۔ دیکھو سورۃ
محمد نمبر ۴۷ نمبر آیۃ $\frac{38}{5 \cdot 5 \cdot 4}$ — باری تعالیٰ کو

اموال انسان کی ضرورت نہیں ہے جہاں
اللہ نے اَقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فرمایا یہ بغرض
منفعت انسان ہے دیکھو سورہ مزمل نمبر ۷۳
نمبر آیۃ ۳۰/۵۵ ـ واقعی یہ ہے کہ اَللّٰہُ غَنِیٌّ
وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ = اللہ بے حاجت ہے اور تم
محتاج ہو دیکھو سورہ محمد نمبر ۴۷ نمبر آیۃ ۴۰/۵۸۷

۱۳۸ ـ لَیْسَ یَسْتَحْیِیْ = غیر مستحی = فروگذاشت
(لیس بمستحی) نہیں کرتا، شرماتا نہیں مثلاً اِنَّ اللّٰہَ
لَا یَسْتَحْیِیْ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَۃً فَمَا فَوْقَہَا = اللہ
مچھر یا اوس سے بڑھ کر مثال بیان کرنے
سے شرماتا نہیں دیکھو سورہ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۴/۲۴

۱۳۹ ـ لَا یَنْتَفِعُ بِطَاعَاتِ الْمُطِیْعِیْنَ = فرمان
(لا ینتفع بطاعات المطیعین) برداروں کی فرمان برداری سے
خدا کو فائدہ حاصل نہیں ہوتا ہے یہ آیۃ ذیل سے
لیا گیا ہے :- اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ
وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا = اگر تم نے اچھے کام
کیے تو اپنے ہی لیے اچھے کام کیے ـ
اور اگر برے کام کیے تو اپنے لیے ـ
دیکھو سورہ بنی اسرائیل نمبر ۱۷ نمبر آیۃ ۷/۳۰۲

فصل ہفتم خلقت وفناء

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	خَالِق	۱۴۰	۱۸	مُبْعِث	۱۵۷
۲	خَلَّاق	۱۴۱	۱۹	مُنْشِئُ الْخَلْقِ	۱۵۸
۳	اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ	۱۴۲	۲۰	مُبْدِیْ	۱۵۹
۴	بَارِیْ	۱۴۳	۲۱	مُعِیْد	۱۶۰
۵	ذَارِیْ	۱۴۴	۲۲	مُسَوِّیْ	۱۶۱
۶	فَاطِر	۱۴۵	۲۳	زَارِع	۱۶۲
۷	صَانِع	۱۴۶	۲۴	غَیْرُ مَخْلُوْق	۱۶۳
۸	مُصَوِّر	۱۴۷	۲۵	لَا یَفْنٰی	۱۶۴
۹	بَدِیْع	۱۴۸	۲۶	مُتَوَفِّیْ	۱۶۵
۱۰	مُبْدِعُ الْبَدَائِع	۱۴۹	۲۷	لَیْسَ بِہَالِک	۱۶۶
۱۱	جَاعِلُ کُلِّ شَیْءٍ	۱۵۰	۲۸	مُہْلِکُ الْکُفَّار	۱۶۷
۱۲	مُخْتَرِع	۱۵۱	۲۹	مُدَمِّر	۱۶۸
۱۳	مُحْدِث	۱۵۲	۳۰	طَامِس	۱۶۹
۱۴	مُوَحِّد	۱۵۳	۳۱	مُسْلِخ	۱۷۰
۱۵	مُکَوِّن	۱۵۴	۳۲	مُمْحِق	۱۷۱
۱۶	مُجَدِّد	۱۵۵	۳۳	مَاحِیْ	۱۷۲
۱۷	بَاعِث	۱۵۶	۰	۰	۰

ردیف وار اسماء فصل ہفتم خلقت وفناء

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۵	۶	۷	۸
۱	اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ	۱۴۲	۱۸	مُبْدِئُ	۱۵۹
۲	بَارِئُ	۱۴۳	۱۹	مُبْعِثُ	۱۵۷
۳	بَاعِثُ	۱۵۶	۲۰	مُتَوَفِّی	۱۶۵
۴	بَدِیْعُ	۱۴۸	۲۱	مُجَدِّدُ	۱۵۵
۵	جَاعِلُ کُلِّ شَیْئٍ	۱۵۰	۲۲	مُحْدِثُ	۱۵۲
۶	خَالِقُ	۱۴۰	۲۳	مُخْتَرِعُ	۱۵۱
۷	خَلَّاقُ	۱۴۱	۲۴	مُدَمِّرُ الْکُفَّارِ	۱۶۸
۸	ذَارِئُ	۱۴۴	۲۵	مُسْلِخُ	۱۷۰
۹	زَارِعُ	۱۶۲	۲۶	مُسَوِّیْ	۱۶۱
۱۰	صَانِعُ	۱۴۶	۲۷	مُصَوِّرُ	۱۴۷
۱۱	طَامِسُ	۱۶۹	۲۸	مُعِیْدُ	۱۶۰
۱۲	غَیْرُ مَخْلُوْقٍ	۱۶۳	۲۹	مُکَوِّنُ	۱۵۴
۱۳	فَاطِرُ	۱۴۵	۳۰	مُمْحِقُ	۱۷۱
۱۴	لَا یَفْنٰی	۱۶۴	۳۱	مُنْشِئُ الْخَلْقِ	۱۵۸
۱۵	لَیْسَ بِہَالِکٍ	۱۶۶	۳۲	مُوْجِدُ	۱۵۳
۱۶	نَاہِیْ	۱۷۲	۳۳	مُہْلِکُ الْکُفَّارِ	۱۶۷
۱۷	مُنْشِئُ الْبَدِیْعِ	۱۴۹	۰	۰	۰

۱۴۰ — خَالِقُ = ہر چیز کا پیدا کرنے والا؛ مثلاً ہُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی = وہی اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے، جانداروں کا پیدا کرنے والا ہے، صورتیں بنانے والا ہے، اُس کے اچھے نام ہیں؛ دیکھو سورۂ حشر نمبر ۵۹ نمبر آیہ ۲۴/۵۱۵۴؛ فارسی میں اُس کے ہم معنی نام آفرین و آفرینندہ و آفریدگار و جہان آفرین ہیں۔ (حاشیہ: خَالِقُ)

۱۴۱ — خَلَّاقُ = ہر چیز کا بڑا پیدا کرنے والا؛ مثلاً اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ = بیشک تیرا پروردگار ہر چیز کا بڑا پیدا کرنے والا ہے، جاننے والا ہے؛ دیکھو سورۂ حجر نمبر ۱۵ نمبر آیہ ۸۶/۱۸۸۸ (حاشیہ: خَلَّاقُ)

۱۴۲ — اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ = بہتر پیدا کرنے والوں کا؛ مثلاً فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ = تو اللہ بڑا بابرکت ہے جو بنانے والوں میں بہتر ہے؛ دیکھو سورۂ مؤمنون نمبر ۲۳ نمبر آیہ ۱۴/۲۶۸۷ — (حاشیہ: اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ)

۱۴۳ — بَارِئُ = ذی روح کا پیدا کرنے والا، دیکھو دفعہ ۱۴۰ — (حاشیہ: بَارِئُ)

۱۴۴ — ذَارِئُ = پیدا کرنے والا؛ یہ آیہ ذیل سے لیا گیا ہے:— (حاشیہ: ذَارِئُ)

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَہَنَّمَ کَثِیْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ = اور

بیشک ہم نے بہتیرے جن اور انسان کو
جہنم ہی کے لیے پیدا کیے ہیں، دیکھو سورہ
اعراف نمبر ۷ نمبر آیۃ ۱۷۹/۱۱ —

۱۴۵ — فاطر = پیدا کرنے والا، مثلاً
الحمد للہ فاطر السموات والارض = ہر طرح
کی تعریف اللہ ہی کو ہے جو آسمانوں اور زمین
کا پیدا کرنے والا ہے، دیکھو سورہ فاطر نمبر ۳۵
نمبر آیۃ ۱/۳۶۴۴ —

۱۴۶ — صانع = بنانے والا، مثلاً
صنع اللہ الذی اتقن کل شیء = اللہ
کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو ٹھیک بنایا
دیکھو سورہ نمل نمبر ۲۷ نمبر آیۃ ۹۰/۳۴۵، فارسی
میں اس کا ہم معنی نام کاریگر ہے —

۱۴۷ — مصور = صورت بنانے والا، دیکھو
دفعہ ۱۳۰ فارسی میں اس کے ہم معنی
نام نقش نگار و صورت نگار ہیں —

۱۴۸ — بدیع = موجد، مثلاً بدیع السموات
والارض = آسمانوں اور زمین کا موجد
ہے، دیکھو سورہ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۱۱۷/۱۴۴ —

۱۴۹ — مبدع البدائع = کائنات کا موجد
یہہ اور بدیع ہم مفہوم ہیں اور اس سے
لیا گیا ہے، دیکھو دفعہ ۱۳۰ —

۱۵۰ — جاعل کل شیء = کرنے والا،
بنانے والا، مثلاً انی جاعل
فی الارض خلیفۃ = تحقیق میں زمین میں ایک
نائب مقرر کرنے والا ہوں دیکھو سورہ بقرہ
نمبر ۲ نمبر آیۃ ۳۹/۳۴ —

۱۵۱ — مخترع = پھاڑ کر نکال لینے والا،
یہہ مشتق ہے خرع سے خرع پھٹنے کو
کہتے ہیں، باب افتعال کے داخل ہونے
سے بمعنی پھاڑنے کے ہو گیا، پھاڑ کر
نکال لینے سے مراد کسی چیز کا آہستگی سے
ایک ہی دفعہ پیدا کرنا ہے، یہہ اور مبدع
تقریباً ہم معنی ہیں دیکھو دفعہ ۱۴۹ —

۱۵۲ — محدث = مسبوق بالعدم چیز کا
ایجاد کرنے والا چونکہ ماسوا اللہ کل
کائنات حادث ہیں اس لیے ان نو پیدا اشیاء
کے پیدا کرنے والے کو فلاسفہ محدث کہا
کرتے تھے رفتہ رفتہ یہہ نام زبان زد عامہ خلائق ہو گیا۔

۱۵۳ — موجد = ایجاد کرنے والا، وجود
میں موجود، یہہ بلحاظ معنی اول مبدع البدائع
اور بدیع کا اور باعتبار معنی ثانی خالق کا تقریباً

ہم مفہوم ہے۔

۱۵۴ — مُکَوِّنْ = موجود کرنے والا، (مُکَوِّنْ) دیکھو دفعہ ۱۴۳۔

۱۵۵ — مُجَدِّدْ = نیا کرنے والا، ایک (مُجَدِّدْ) کے فناء کے بعد دوسرے کی ایجاد پر قدرت رکھنے والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:- اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَیَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ = اگر اللہ چاہے تو تم کو مٹا کر کوئی نئی خلقت لائے، دیکھو سورۂ ابراہیم نمبر ۱۴ نمبر آیۃ $\frac{19}{1769}$

۱۵۶ — باعِثْ = اوٹھانے والا، (باعِثْ) یہہ مُبْعِثْ کا ہم معنی ہے، دیکھو دفعہ ۱۵۷

۱۵۷ — مُبْعِثْ = اوٹھانے والا، یہہ آیۂ (مُبْعِثْ) ذیل سے لیا گیا ہے:- وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ = اور جو قبروں میں ہیں اون کو اللہ اوٹھائے گا، دیکھو سورۂ حج نمبر ۲۲ نمبر آیۃ $\frac{7}{2603}$

۱۵۸ — مُنْشِئُ الْخَلْقِ = مخلوق کا پیدا کرنے (مُنْشِئُ الْخَلْقِ) والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:- ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ = کیا اوس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے؟ یا ہم پیدا کرنے والے ہیں؟ دیکھو سورۂ واقعہ نمبر ۵۶ نمبر آیۃ $\frac{73}{5056}$ —

۱۵۹ — مُبْدِئُ = اوّل دفعہ پیدا کرنے (مُبْدِئُ) والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:- اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ = اللہ اوّل بار پیدا کرتا ہے اور دوبارہ بھی کرے گا، دیکھو سورۂ بروج نمبر ۸۵ نمبر آیۃ $\frac{13}{5937}$

۱۶۰ — مُعِیْدُ = دوبارہ پیدا کرنے والا، (مُعِیْدُ) دیکھو دفعہ مذکور الصدر۔

۱۶۱ — مُسَوِّیْ = درست کرنے والا، (مُسَوِّیْ) یہہ آیۂ ذیل سے ماخوذ ہے:- بَلٰى قٰدِرِیْنَ عَلٰۤى اَنْ نُّسَوِّیَ بَنَانَهٗ = ہاں اس پہ قادر ہیں کہ اوس کی اونگلیوں کے پور کو درست کرائیں، دیکھو سورۂ قیامۃ نمبر ۷۵ نمبر آیۃ $\frac{4}{5559}$

۱۶۲ — زَارِعُ النَّبَاتَاتِ = نباتات کا اوگانے (زَارِعْ) والا، مثلاً ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ = کیا کھیتی کو تم اوگاتے ہو؟ یا ہم اوگانے والے ہیں؟ دیکھو سورۂ واقعہ نمبر ۵۶ نمبر آیۃ $\frac{65}{5048}$ —

۱۶۳ — غیر مخلوق = نہیں پیدا کیا گیا، یہہ (غیر مخلوق) آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:-

وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ لَا یَخْلُقُوْنَ شَیْئاً وَّہُمْ یُخْلَقُوْنَ = اور خدا کے سوا یہہ لوگ جن کو پکارتے ہین، وہ کوئی چیز پیدا نہین کرسکتے ہین بلکہ وہ خود پیدا کیے گیے ہین، یعنی وہ مخلوق ہین اور خدا خالق ہے وہ کسی کے مخلوق نہین، دیکھو سورۂ نحل نمبر ۱۶ نمبر آیۃ ۲۰ / ۱۴۲۱۹

۱۶۴ — لَا یَفْنیٰ = اللہ فناء نہین ہوتا ہے
(لا یفنی) یہہ اور لَیْسَ بِہَالِکٍ دونون ہم مفہوم ہین دیکھو دفعہ ۱۶۶ —

۱۶۵ — مُتَوَفِّی = اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ
(متوفی) اِلَیَّ وَمُطَہِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا = تحقیق مین تجھ کو لینے والا ہون، اور تجھ کو اپنی طرف اوٹھانے والا ہون، اور تجھ کو پاک کرنے والا ہون اون لوگون سے جنہون نے کفر کیا ہے، دیکھو سورۂ آل عمران نمبر ۳ نمبر آیۃ ۴۸ / ۱۴۳ —

۱۶۶ — لَیْسَ بِہَالِکٍ = اللہ فناء نہین ہوتا
(لیس بہالک) ہے، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے: کُلُّ شَیْءٍ ہَالِکٌ اِلَّا وَجْہَہٗ = خدا کے چہرے کے سوا سب چیزین فنا ہونے والی ہین دیکھو سورۂ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ ۸۸ / ۳۲۳۳

۱۶۷ — مُہْلِکٌ = ہلاک کرنے والا،
(مہلک) مثلاً وَمَا کَانَ رَبُّکَ مُہْلِکَ الْقُرٰی حَتّٰی یَبْعَثَ فِیْ اُمِّہَا رَسُوْلاً یَتْلُوْا عَلَیْہِمْ اٰیٰتِنَا وَمَا کُنَّا مُہْلِکِی الْقُرٰی اِلَّا وَاَہْلُہَا ظٰلِمُوْنَ = اور تیرا پروردگار بستیون کا کبھی ہلاک کرنے والا نہین جب تک اون کے قصبہ مین کسی رسول کو نہ بھیجے جن کو وہ ہماری آیتین پڑھ کر سناوے، اور ہم بستیون کو کبھی ہلاک کرنے والے نہین مگر جب اون کے رہنے والے ظالم ہین دیکھو سورۂ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ ۵۹ / ۳۳۱۴

۱۶۸ — مُدَمِّرُ الْکُفَّارِ = ہلاک اور تباہ کرنے
(مدمر الکفار) والا کفار کا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:- فَدَمَّرْنٰہَا تَدْمِیْراً = پھر ہم اوس بستی کو مار کر تباہ کر دیتے ہین، دیکھو سورۂ بنی اسرائیل نمبر ۱۷ نمبر آیۃ ۱۶ / ۳۰۴۵ —

۱۶۹ — طَامِسٌ = مٹانے والا، یہہ آیۃ
(طامس) ذیل سے لیا گیا ہے وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰی اَعْیُنِہِمْ = اور اگر ہم چاہین تو اون کی آنکھون کو مٹا دین، دیکھو سورۂ یٰس نمبر ۳۶ نمبر آیۃ ۶۶ / ۳۶۷

۱۷۰ — مُسْلِخٌ = مٹانے والا، نکال لینے والا،
(مسلخ) یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے :-

وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ = اور اُن کی ایک نشانی رات ہے، کہ ہم اوس مین سے رات کو کھینچ کر نکال لیتے ہین، تو اوس ہی وقت یہہ لوگ اندھیرے مین رہ جاتے ہین، دیکھو سورہ یٰس نمبر ۳۶ نمبر آیۃ ۳۷/۳۷۴۵

۱۷۱ – مُحِقٌ = مٹانے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:-
(مُحِق)

وَلِیُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَیَمْحَقَ الْکٰفِرِیْنَ = اور تاکہ اللہ جو لوگ ایمان لائے ہین، اون کو پاک کرے اور کفار کو مٹائے، دیکھو سورہ ال عمران نمبر ۳ نمبر آیۃ ۱۳۵/۳۸۴

۱۷۲ – مَاحِیٌ = مٹانے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:- وَیَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ = اور اللہ اپنے کلام سے جھوٹ کو مٹاتا ہے، اور حق کو جماتا ہے، دیکھو سورہ شوریٰ نمبر ۴۲ نمبر آیۃ ۲۳/۴۲۹۸
(مَاحِی)

فصل ہشتم حیوٰۃ وممات

نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳
۱	حَیٌّ	۱۷۳
۲	لَا یَمُوْتُ	۱۷۴
۳	مُحْیٖ	۱۷۵
۴	مُمِیْتُ	۱۷۶

۱۷۳ – حَیٌّ = زندہ مثلاً اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ = اللہ وہ ذات ہے، جس کے سوا کوئی معبود نہین ہے، زندہ ہے، سنبھالنے والا ہے، دیکھو دفعہ ۱۳۴، فارسی مین اس کا ہم معنی نام زندہ ہے۔
(حَیّ)

۱۷۴ – لَا یَمُوْتُ = اللہ مرتا نہین، مثلاً وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ = اور اوس ہی زندہ پر بھروسہ رکھ جو مرتا ہی نہین، دیکھو سورہ فرقان نمبر ۲۵ نمبر آیۃ ۵۸/۲۹۱۴ –
(لَا یَمُوْتُ)

۱۷۵ – مُحْیٖ = زندہ کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:- قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ = ابراہیم نے کہا کہ میرا وہ پروردگار ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے دیکھو سورہ بقر نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۵۸/[illegible]
(مُحْیِی)

۱۷۶ – مُمِیْتُ = مارنے والا، دیکھو تمثیلاً دفعہ ۱۵۵۔
(مُمِیْت)

فصل نہم زمان

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَوّل	۱۷۷	۱۳	اَبْقیٰ	۱۸۹
۲	قَدِیم	۱۷۸	۱۴	ذُوالبَقاء	۱۹۰
۳	مُقَدَّم	۱۷۹	۱۵	دائِم	۱۹۱
۴	اَزَلی	۱۸۰	۱۶	سَرمَد	۱۹۲
۵	بلا بدایۃ	۱۸۱	۱۷	مُستَمِر	۱۹۳
۶	سابِق	۱۸۲	۱۸	مُمتَد	۱۹۴
۷	آخِر	۱۸۳	۱۹	دَہر	۱۹۵
۸	مُنتَہیٰ کُلِّ شَیٔ	۱۸۴	۲۰	دُہار	۱۹۶
۹	مُؤَخَّر	۱۸۵	۲۱	دُہُور	۱۹۷
۱۰	اَبَدی	۱۸۶	۲۲	لا آخِری فی الزمان	۱۹۸
۱۱	لایَزال	۱۸۷	۲۳	کُلّی	۱۹۹
۱۲	باقی	۱۸۸	۰	۰	۰

ردیف وار اسمائے فصل نہم زمان

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَبَدی	۱۸۶	۴	اَزَلی	۱۸۰
۲	اَبقیٰ	۱۸۹	۵	اَوّل	۱۷۷
۳	آخِر	۱۸۳	۶	باقی	۱۸۸
۷	بلا بدایۃ	۱۸۱	۱۶	لا آخِری فی الزمان	۱۹۸
۸	دائِم	۱۹۱	۱۷	لایَزال	۱۸۷
۹	دَہر	۱۹۵	۱۸	مُستَمِر	۱۹۳
۱۰	دُہار	۱۹۶	۱۹	مُقَدَّم	۱۷۹
۱۱	دُہُور	۱۹۷	۲۰	کُلّی	۱۹۹
۱۲	ذُوالبَقاء	۱۹۰	۲۱	مُمتَد	۱۹۴
۱۳	سابِق	۱۸۲	۲۲	مُنتَہیٰ کُلِّ شَیٔ	۱۸۴
۱۴	سَرمَد	۱۹۲	۲۳	مُؤَخَّر	۱۸۵
۱۵	قَدِیم	۱۷۸	۰	۰	۰

اَوّل

۱۷۷ـ اَوّل سب سے پہلا، مثلاً ہُوَ الاَوَّلُ وَالاٰخِرُ وَالظَّاہِرُ وَالبَاطِنُ = اور اللہ سب سے پہلا ہے، اور سب سے پیچھے رہے گا، اور ظاہر ہے، اور پوشیدہ ہے، دیکھو سورہ حدید نمبر ۵۷ نمبر آیۃ ۳/۵۰۸۲

اَلقَدِیم

۱۷۸ـ اَلْقَدِیْمُ = جو حادث نہ ہو، زمانہ غیر محدود سے موجود ہو، یہ ہم معنی اَزَلی کے ہے، باری تعالیٰ کو اَلْقَدِیْمُ الاَزَلی بھی کہتے ہیں چونکہ مقولہ کَانَ حَیًّا فِی الاَزَلِ قادراً عالماً، باری تعالیٰ کی نسبت صادق آتا ہے لہٰذا اوس کے القدیم ہونے مین کوئی شبہ

نہین ہوسکتا ہے۔

۱۷۹ — مُقَدَّمُ = پہلا، اگلا، کتاب الاذکار مین لکھا ہے کہ:- اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْبَقَاءِ اَنْتَ الْمُقَدَّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخَّرُ وَاَنْتَ سَابِقُ کُلِّ شَيْءٍ وَمُنْتَھَی کُلِّ شَيْءٍ اِقْضِ حَاجَتِي بِفَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ = اے خدا تو بقا والا ہے، تو سب سے پہلا ہے، تو سب سے آخر ہے اور تو ہر چیز سے سابق ہے اور تو ہر چیز کی انتہا ہے، اپنے فضل و رحمت سے میری حاجت کو پوری کر اے سب سے بڑا رحیم۔

۱۸۰ — اَزَلِيٌّ = خدا ازل سے ہے؛ کتاب الاذکار مین یہہ بھی لکھا ہے کہ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اَزَلِيٌّ اَبَدِيٌّ سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ بِلَا بِدَایَةٍ لَا یَجْرِي عَلَیْکَ زَمَانٌ کَیْفَ اُثْنِي عَلَیْکَ لَکَ الْحَمْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ = اے خدا تو ازلی ہے تو ابدی ہے، اے خدا سزاوار تسبیح تو ہی ہے، تیرے لیئے ابتدا نہین ہے، تجھ پر زمانہ گذر نہین کرتا ہے، مین کیونکر تیری تعریف کرون، ہر طرح کی تعریف کا سزاوار تو ہی ہے، اے بڑے عرش کا مالک!

۱۸۱ — بِلَا بِدَایَةٍ = بے ابتدا، دیکھو دفعہ ۱۸۰

۱۸۲ — سَابِقُ = پہلا، دیکھو ۱۷۹۔

۱۸۳ — آخِرُ = سب سے بعد رہنے والا، دیکھو دفعہ ۱۷۷۔

۱۸۴ — مُنْتَھَی کُلِّ شَيْءٍ = ہر چیز کی انتہا، دیکھو دفعہ ۱۷۹۔

۱۸۵ — مُؤَخَّرُ = سب سے آخر، دیکھو دفعہ ۱۷۹

۱۸۶ — اَبَدِيٌّ = ہمیشہ رہنے والا، دیکھو دفعہ ۱۸۰

۱۸۷ — لَا یَزَالُ = زائل نہ ہونے والا، یعنی ہمیشہ رہنے والا، کتاب الادعیہ مین لکھا ہے کہ سُبْحَانَ الَّذِي لَا یَزَالُ وَبِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَيْءٍ قَدِیْرٌ = پاکی سے یاد کرنے کے سزاوار وہ ذات ہے جو ہمیشہ رہے گا، اور اوس کے ہاتھ مین آسمانون اور زمین کی بادشاہی ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے؛

۱۸۸ — بَاقِيٌّ = ہمیشہ رہنے والا، یہہ آیہ ذیل سے لیا گیا ہے:- وَیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ = اور تیرے باعظمت اور بزرگ پروردگار کا چہرہ باقی رہیگا دیکھو سورہ رحمٰن نمبر ۵۵ نمبر آیہ ۲۷/۳۴

۱۸۹ — اَبْقٰی = زیادہ پائندہ، مثلاً وَاللّٰهُ خَیْرٌ

وَاَبْقیٰ = اور اللہ بہتر ہے اور زیادہ پاینده
ہے، دیکھو سورۂ طٰہٰ نمبر ۲۰ نمبر آیۃ ۷۵/۴۴۳۳

۱۹۰ ذُوالْبَقَاءِ — ذُوالْبَقَاءِ = بقا والا ہے، دیکھو دفعہ ۱۷۹

۱۹۱ دَائِمٌ — دَائِمٌ = ہمیشہ، امام رازی اِس کے
ثبوت مین وہ قول خدا پیش کرتے ہین
جو قرآن مجید کے سورۂ رعد نمبر ۱۳ نمبر آیۃ ۳۵/۴۴۷
مین اللہ تعالیٰ نے صفت بہشت مین فرمایا
ہے، کہ اُکُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا = اوس بہشت کے
پھل اور چھاون ہمیشہ ہوگی، جب مخلوق کے
تغیر اشکال یا صور کے علاوہ فنا ے ذات یعنی نوع
کا ثبوت عالم مین نہین ہے تو واجب الوجود کی فنا محال ہو جاتی ہے

۱۹۲ سَرْمَدٌ — سَرْمَدٌ = ہمیشہ، امام رازی لکھتے
ہین کہ اِس لفظ کا اشتقاق سَرْد سے
ہے، سَرْد چند اشیاء کے پے در پے
اور متعاقب ہونے کو کہتے ہین اور چونکہ زمانہ
بھی اجزاء کے تلاحق اور تعاقب کی وجہ سے
باقی رہتا ہے اور یہہ بعینہ سرد کا مفہوم ہے اِس لیے
اُس پر میم زائد داخل کیا کہ اوس ہی معنی مین مبالغہ کا مفید ہوجائے
چونکہ اِس لفظ کے معنون مین ہمیشگی پائی جاتی ہے
اور باری تعالیٰ ازلی اور ابدی ہے لہٰذا یہہ نام
بھی مجازاً اوس کی نسبت استعمال کیا گیا ہے

۱۹۳ مُسْتَمِرٌّ — مُسْتَمِرٌّ = ہمیشہ، امام رازی لکھتے ہین
کہ یہہ باب استفعال سے صیغہ ماضی
کا ہے، مادہ اِس کا مُرُورٌ بمعنی چلنے کے ہے
اور چونکہ اِس نام مین بھی مفہوم دوام پایا جاتا ہے
لہٰذا یہہ نام بھی اللہ تعالیٰ کی نسبت مجازاً استعمال کیا گیا ہے

۱۹۴ مُمْتَدٌّ — مُمْتَدٌّ = دراز، امام رازی لکھتے ہین کہ سَرْمَد
اور مستمر کی طرح بھی مدت اور زمانہ کو ممتد اِس ہی
وجہ سے کہتے ہین کہ وہ بوجہ تلاحق و تعاقب اجزاء
ممتد رہتا ہے اور چونکہ ممتد مین زمانہ غیر محدود کا مفہوم
ہے لہٰذا مجازاً اوس کو باری تعالیٰ سے منسوب کرتے ہین

۱۹۵ دَهْرٌ — دَهْرٌ = زمانہ، نصیحت نبوی ہے کہ لَا تَسُبُّوا
الدَّهْرَ فَاِنَّ الدَّهْرَ هُوَ اللهُ = زمانہ کو بُرا مت کہو
کیونکہ زمانہ واقعی اللہ ہے، انسان کا خاصہ ہے
کہ جب اوس کو اسباب پر وقوف نہین ہوتا ہے
تو زمانہ کو بُرا کہنا شروع کرتا ہے زمانہ کبھی فاعل
نہین ہوسکتا ہے چونکہ فاعل حقیقی باری تعالیٰ
ہے لہٰذا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
لوگون کو اس فعل ناجائز سے منع فرمایا، اور وہ
کا اطلاق مجازاً باری تعالیٰ پر کیا ہے۔

۱۹۶ دَیْهَارٌ — دَیْهَار بمعنی دہر ہے، لغت معتبرہ مین
نہین ملتا ہے۔

۱۹۷ ـ دُہُوْر = بمعنی دہر ہے، یہہ بھی لغت معتبرہ مین نہین ملتا ہے، امام فخرالدین رازی نے کسی کتاب پر استدلال کیا ہے لیکن پتہ نہین بتایا، دیکھو تفسیر کبیر جلد اول صفحہ ۸۲ـ
(حاشیہ: دُہُوْر)

۱۹۸ ـ لَا یَجْرِیْ عَلَیْہِ زَمَانٌ = خدا پر زمانہ گزرتا نہین کیونکہ وہ ازلی ہے۔
(حاشیہ: لَا یَجْرِیْ عَلَیْہِ زَمَانٌ)

۱۹۹ ـ مَلِیٌّ = چند مدت، یہہ باری تعالی کا نام نہین ہوسکتا ہے۔
(حاشیہ: مَلِیٌّ)

فصل دہم مکان

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	قَرِیْبٌ	۲۰۰	۶	لَا مَکَانَ لَہٗ	۲۰۵
۲	اَقْرَبُ	۲۰۱	۷	فَاسِحٌ	۲۰۶
۳	لَا یُحَدُّ	۲۰۲	۸	مُدْخَلٌ	۲۰۷
۴	سَکِیْنِیْ	۲۰۳	۹	لَیْسَ بِمَنْزِلٍ	۲۰۸
۵	مَکِیْنٌ	۲۰۴	۱۰	خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ	۲۰۹

ردیف وار اسماء فصل دہم مکان

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَقْرَبُ	۲۰۱	۶	لَا مَکَانَ لَہٗ	۲۰۵
۲	خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ	۲۰۹	۷	لَا یُحَدُّ	۲۰۲
۳	سَکِیْنِیْ	۲۰۳	۸	لَیْسَ بِمَنْزِلٍ	۲۰۸
۴	فَاسِحٌ	۲۰۶	۹	مُدْخَلٌ	۲۰۷
۵	قَرِیْبٌ	۲۰۰	۱۰	مَکِیْنٌ	۲۰۴

۲۰۰ ـ قَرِیْبٌ = نزدیک، پاس، مثلاً وَاِذَا سَأَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ = اور جب میرے بندے میری نسبت تجھ سے دریافت کرین تو مین پاس ہون، دیکھو سورۂ بقرہ
(حاشیہ: قَرِیْبٌ)

نمبر ۲ نمبر آیۃ ۱۸۶/۱۹۳ —

۲۰۱ — أَقْرَبُ = بہت قریب، مثلاً وَنَحْنُ
أَقْرَبُ | أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ = اور ہم
اوس کی جانب شاہ رگ سے زیادہ قریب ہیں
دیکھو سورۃ ق نمبر ۵۰ نمبر آیۃ ۱۶/۴۴۶۵۰ ؛

۲۰۲ — لَا يُحَدُّ = کے لغوی دو معنی ہیں
لَا يُحَدُّ | اوّل یہہ کہ اوس کے لیئے انتہا،
نہیں ہے، کیونکہ ذات باری غیر محدود اور
غیر متناہی ہے اور دوسرا کنہ ذات باری
محال ہے لیکن بلحاظ منطق کے یہہ کہنا کہ حد
تام باری تعالیٰ نہیں ہوسکتی ہے مسئلہ مختلف
فیہ ہے، وَاللّٰهُ مَوْجُوْدٌ الَّذِيْ وُجُوْدُهٗ وَاجِبٌ،
حد تام ہے اور باعتبار واجب الوجود ہونے
کے اس کا مصداق بجز اللہ کے کوئی دوسرا
نہیں ہوسکتا ہے ؛ —

۲۰۳ — سَكَنِيٌّ = بسنے والا، یہہ نام
سَكَنِيٌّ | بعض لوگ استعمال کرتے ہیں لیکن
اللہ تعالیٰ کے لامکان ہونے کی وجہ سے اس
لفظ کا استعمال جائز نہیں ہوسکتا ہے —

۲۰۴ — مَكِيْنٌ = کے لغوی معنی مکان میں
مَكِيْنٌ | رہنے والے اور بسنے والے اور
ٹھہرنے والے کے ہیں، آیۂ ذیل میں مکین
صفت جبریل علیہ السلام کی ہے نہ کہ باری تعالیٰ کی، ذِيْ
قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ = جبریل علیہ السلام طاقت والا
ہے، مالک عرش کے ہاں بڑا درجہ والا
ہے، دیکھو سورۃ تکویر نمبر ۸۱ نمبر آیۃ ۲۰/۵۸۳۵ ؛ اس
لفظ کا استعمال اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ
باری تعالیٰ نے خلقت عالم کے بعد مُسْتَوِيٌ
عَلَى الْعَرْشِ ہونا فرمایا ہے لیکن چونکہ یہہ آیات
متشابہات میں سے ہے لہٰذا لفظ مکین کا
باری تعالیٰ سے منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

۲۰۵ — لَا مَكَانَ لَهٗ = خدا کے لیئے مکان
لَا مَكَانَ لَهٗ | نہیں ہے، جس میں وہ متمکن رہے؛
جو ذات غیر محدود اور غیر متناہی ہو اوس سے
مکان متعلق نہیں ہوسکتا ہے۔ —

۲۰۶ — فَاسِحٌ = جگہہ وسیع کرنے والا، یا
فَاسِحٌ | دینے والا، مثلاً يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا
قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ
= اے ایمان والو جب تم سے کہا جاے کہ
مجلس میں کھل کر بیٹھو تو کھل کر بیٹھا کرو، اللہ تم کو
فراخ جگہہ دے گا، دیکھو سورۃ مجادلۃ نمبر ۵۸
نمبر آیۃ ۱۱/۵۱۴۹ ؛ —

۲۰۷ ـ مُدْخِلٌ = داخل کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:۔ یُدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ = اَللہ جس کو چاہے اپنی رحمت مین داخل کرے، دیکھو سورۂ دہر نمبر ۷۶ نمبر آیۃ ۳۱/۵۶۳۶ ــ

مُدْخِلٌ

۲۰۸ ـ لَیْسَ بِمُنْزِلٍ = اُوتارنے والا نہین، مثلاً وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ = اور ہم نے اوس کے بعد اوس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اوتارا، اور ہم اوتارنے والے بھی نہ تھے، دیکھو سورۂ یٰس نمبر ۳۶ نمبر آیۃ ۲۷/۳۷۳۵ ــ

لَیْسَ بِمُنْزِلٍ

۲۰۹ ـ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ = بہتر اوتارنے والونکا مثلاً رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ = اَے میرے پروردگار! مجھے برکت کا اُوتارنا اُوتاریو، اور تو سب اُوتارنے والون مین بہتر ہے، دیکھو سورۂ مومنون نمبر ۲۳ نمبر آیۃ ۲۹/۲۷۰۳ ــ

خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

فصل یازدہم حقانیت

نمبرشمار	نام	دفعہ	نمبرشمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	حَقٌّ	۲۱۰	۴	لَایَخْلُقُ الْبَاطِلَ	۲۱۳
۲	مُحِقٌّ	۲۱۱	۵	لَایَخْلُقُ الْعَبَثَ	۲۱۴
۳	صِدْقٌ	۲۱۲	۶	لَایَخْلُقُ اللَّعِبَ	۲۱۵
"	اَصْدَقُ	"	۰	۰	۰

ردیف وار اسمای فصل یازدہم حقانیت

نمبرشمار	نام	دفعہ	نمبرشمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَصْدَقُ	۲۱۲	۴	لَایَخْلُقُ الْعَبَثَ	۲۱۴
۲	حَقٌّ	۲۱۰	۵	لَایَخْلُقُ اللَّعِبَ	۲۱۵
۳	صِدْقٌ	۲۱۲	۶	مُحِقٌّ	۲۱۱
۴	لَایَخْلُقُ الْبَاطِلَ	۲۱۳	۰	۰	۰

۲۱۰ ـ حَقٌّ = سچا، مثلاً هُنَالِكَ الْوَلَایَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ = اِس ہی سے ثابت ہوا کہ سب اختیار سچے خدا ہی کو ہے، دیکھو سورۂ کہف نمبر ۱۸ نمبر آیۃ ۴۴/۲۱۸۴ ــ

حَقٌّ

۲۱۱ ـ مُحِقٌّ = جتانے والا، ثابت کرنے والا یہہ دفعہ ۲۷ کی آیہ مندرجہ سے لیا گیا ہے،

مُحِقٌّ

دیکھو دفعہ مذکورہ۔

۲۱۲ ـ صِدْقٌ = سچا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔ وَتَمَّتْ کَلِمَتُ رَبِّکَ صِدْقاً وَّعَدْلاً = تیرے پروردگار کی باتین سچائی اور انصاف کے ساتھ پوری ہوگئین، دیکھو سورۂ انعام نمبر ۶ نمبر آیۃ ۱۱۵/۹۰۳، أَصْدَقُ = بڑا سچا، مثلاً وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیلاً = اور بات مین خدا سے بڑھ کر کون سچا ہوسکتا ہے، دیکھو سورۂ نساء نمبر ۴ نمبر آیۃ ۸۹/۵۸۲ ۔

صِدْقٌ

۲۱۳ ـ لَا یَخْلُقُ الْبَاطِلَ = باطل کو پیدا نہین کرتا ہے، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا بَاطِلاً، ذٰلِکَ ظَنُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا = اور ہم نے آسمان کو اور زمین کو اور جو چیزین اون مین ہین اون کو بیکار پیدا نہین کیا، یہہ اون لوگون کا خیال ہے جو کافر ہین، دیکھو سورۂ ص نمبر ۳۸ نمبر آیۃ ۲۷/۴۰۰۴ ۔

لَا یَخْلُقُ الْبَاطِلَ

۲۱۴ ـ لَا یَخْلُقُ الْعَبَثَ = اللہ بیکار پیدا نہین کرتا ہے یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنَاکُمْ عَبَثاً وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ = کیا تمھارا یہہ خیال ہے؟ کہ ہم نے تم کو بیکار پیدا کیا ہے؟ اور یہہ کہ تم ہماری طرف واپس نہ آوگے، دیکھو سورۂ مومنون نمبر ۲۳ نمبر آیۃ ۱۱۵/۲۷۸۸ ۔

لَا یَخْلُقُ الْعَبَثَ

۲۱۵ ـ لَا یَخْلُقُ اللَّعِبَ = خدا کھیل کے طور سے پیدا نہین کرتا ہے، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لَاعِبِیْنَ = اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ اون دونون مین ہے اوس کو کھیل کے لیے پیدا نہین کیا ہے، دیکھو سورۂ انبیاء نمبر ۲۱ نمبر آیۃ ۱۶/۲۴۹۹ ۔

لَا یَخْلُقُ اللَّعِبَ

فصل دوازدہم قدرت وقوّت

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	قَادِرٌ	۲۱۶	۱۹	ذُو الْاِخْتِيَارِ	۳۳۴
۲	قَدِيْرٌ	۲۱۷	۲۰	لَا مُعِيْنَ لَهٗ	۳۳۵
۳	مُقْتَدِرٌ	۲۱۸	۲۱	لَا وَلِيَّ لَهٗ	۳۳۶
۴	اَقْدَرُ الْقَادِرِيْنَ	۲۱۹	۲۲	مُعِدٌّ	۳۳۷
۵	مُقَدِّرٌ	۲۲۰	۲۳	مُظْهِرٌ	۳۳۸
۶	قَوِيٌّ	۲۲۱	۲۴	كُلُّ شَيْءٍ مُظْهِرَاتُهٗ	۳۳۹
۷	مُقَوِّيٌ	۲۲۲	۲۵	فَتَّاحٌ	۳۴۰
۸	شَدِيْدُ الْقُوٰى	۲۲۳	۲۶	خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ	۳۴۱
۹	ذُو الْقُوَّةِ	۲۲۴	۲۷	لَا الْعَادَةُ فِيْ قُدْرَتِهٖ	۳۴۲
۱۰	ذُو الْحَوْلِ	۲۲۵	۲۸	مُحْشِرُ الْخَلْقِ	۳۴۳
۱۱	مُحَوِّلٌ	۲۲۶	۲۹	مُبْقِيْ	۳۴۴
۱۲	عَزِيْزٌ	۲۲۷	۳۰	لَهُ الْاٰيَةُ الْكُبْرٰى	۳۴۵
۱۳	غَالِبٌ	۲۲۸	۳۱	مُقَدِّمٌ	۳۴۶
۱۴	مَتِيْنٌ	۲۲۹	۳۲	مُؤَخِّرٌ	۳۴۷
۱۵	لَيْسَ بِعَاجِزٍ	۲۳۰	۳۳	جَامِعٌ	۳۴۸
۱۶	لَيْسَ بِمُسْتَوْثِقٍ	۲۳۱	۳۴	صَارِفُ الْقُلُوْبِ	۳۴۹
۱۷	لَا يُقْهَرُ	۲۳۲	۳۵	مُؤَلِّفُ الْقُلُوْبِ	۳۵۰
۱۸	مُضْعِفٌ	۲۳۳	۳۶	مُقَلِّبٌ	۳۵۱

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۳۷	فَالِقُ الْاِصْبَاحِ	۳۵۲	۵۷	مُوْزِعٌ	۳۷۲
۳۸	قَابِضٌ	۳۵۳	۵۸	مُضْحِكٌ	۳۷۳
۳۹	بَاسِطٌ	۳۵۴	۵۹	مُذَلِّلٌ	۳۷۴
۴۰	رَابِطٌ	۳۵۵	۶۰	مُزَيِّنٌ	۳۷۵
۴۱	وَاصِلٌ	۳۵۶	۶۱	مُوْقِفٌ	۳۷۶
۴۲	مُوَصِّلٌ	۳۵۷	۶۲	مُكَوِّرٌ	۳۷۷
۴۳	مُعَمِّرٌ	۳۵۸	۶۳	مُثَبِّتٌ	۳۷۸
۴۴	مُنَكِّسٌ	۳۵۹	۶۴	مُمْسِكُ الشَّيْءِ	۳۷۹
۴۵	مُطْوِيٌ	۳۶۰	۶۵	رَادٌّ	۳۸۰
۴۶	مُوْلِجٌ	۳۶۱	۶۶	سَاطِحُ الْاَرْضِ	۳۸۱
۴۷	مُفَجِّرٌ	۳۶۲	۶۷	سَاطِعُ الصُّبْحِ	۳۸۲
۴۸	مُذْهِبٌ	۳۶۳	۶۸	مَاهِدٌ	۳۸۳
۴۹	مُنْبِتٌ	۳۶۴	۶۹	نِعْمَ الْمَاهِدُ	۳۸۴
۵۰	مُنْظِمٌ	۳۶۵	۷۰	قَاصِمٌ	۳۸۵
۵۱	مُمْلِيُ الْجَهَنَّمِ	۳۶۶	۷۱	قَاسِمٌ	۳۸۶
۵۲	مُسَخِّرٌ	۳۶۷	۷۲	قَسَّامُ الْاَزَلِ	۳۸۷
۵۳	مُمْطِرٌ	۳۶۸	۷۳	مُبَدِّلٌ	۳۸۸
۵۴	مُسَقِّطٌ	۳۶۹	۷۴	مُرْسِلٌ	۳۸۹
۵۵	مُخْسِفٌ	۳۷۰	۷۵	مُزَلْزِلُ الْاَرْضِ	۳۹۰
۵۶	مُوَفِّقٌ	۳۷۱	۷۶	مُشَرِّعٌ	۳۹۱

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۷۷	مُصِبُّ	۲۹۳	۸۳	وَاسِعُ	۲۹۸
۷۸	مُنَزِّلُ	۲۹۳	۸۴	مُوَسِّعُ	۲۹۹
۷۹	مُنْزِلُ	۲۹۴	۸۵	نَاصِبُ	۳۰۰
۸۰	سَنَدُ	۲۹۵	۸۶	هَازِمُ الْاَحْزَابِ	۳۰۱
۸۱	لَامُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ	۲۹۶	۸۷	مُوَلِّيْ	۳۰۲
۸۲	لَايَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا	۲۹۷	۰	۰	۰

ردیف وار اسماءِ فصل دوازدہم قدرت وقوت

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَقْدَرُ الْقَادِرِيْنَ	۳۱۹	۱۱	سَاطِعُ الصُّبْحِ	۳۸۲
۲	بَاسِطُ	۳۵۲	۱۲	سَنَدُ	۲۹۵
۳	جَامِعُ	۳۴۸	۱۳	شَدِيْدُ الْقُوٰى	۳۳۲
۴	خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ	۳۴۱	۱۴	صَارِفُ الْقُلُوْبِ	۳۴۹
۵	ذُوالْاِخْتِيَارِ	۳۳۴	۱۵	عَزِيْزُ	۳۲۷
۶	ذُوالْحَوْلِ	۳۳۵	۱۶	غَالِبُ	۳۲۸
۷	ذُوالْقُوَّةِ	۳۴۴	۱۷	فَالِقُ الْاِصْبَاحِ	۳۵۲
۸	رَابِطُ	۳۵۵	۱۸	فَتَّاحُ	۳۴۰
۹	رَادُّ	۳۸۰	۱۹	قَابِضُ	۳۵۴
۱۰	سَاطِحُ الْاَرْضِ	۳۸۱	۲۰	قَادِرُ	۳۱۶

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۲۱	قَاسِمُ	۳۸۶	۴۰	مُثَبِّتُ	۳۷۸
۲۲	قَاصِمُ	۳۸۵	۴۱	مُحَشِّرُ الْخَلْقِ	۳۴۳
۲۳	قَدِيْرُ	۳۱۷	۴۲	مُحَوِّلُ	۳۳۶
۲۴	قَسَّامُ الْاَزَلِ	۳۸۷	۴۳	مُخَسِّفُ	۳۷۰
۲۵	قَوِيُّ	۳۳۱	۴۴	مُذَلِّلُ	۳۷۴
۲۶	كُلُّ شَيْءٍ مُطِيْعٌ لَهٗ	۳۳۹	۴۵	مُذْهِبُ	۳۶۳
۲۷	لَاتَفَاوُتَ فِيْ قُدْرَتِهٖ	۳۴۲	۴۶	مُرْسِلُ	۳۸۹
۲۸	لَامُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ	۲۹۶	۴۷	مُزَلْزِلُ الْاَرْضِ	۳۹۰
۲۹	لَامُعِيْنَ لَهٗ	۳۳۵	۴۸	مُزَيِّنُ	۳۷۵
۳۰	لَاوَلِيَّ لَهٗ	۳۳۶	۴۹	مُسَخِّرُ	۳۶۷
۳۱	لَايُضَرُّ	۳۳۳	۵۰	مُسْقِطُ	۳۶۹
۳۲	لَايَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا	۲۹۷	۵۱	مُسْمِعُ	۳۹۱
۳۳	لَهُ الْاٰيَةُ الْكُبْرٰى	۳۴۵	۵۲	مُصِيْبُ	۲۹۳
۳۴	لَيْسَ بِعَاجِزٍ	۳۳۰	۵۳	مُضْحِكُ	۳۷۳
۳۵	لَيْسَ بِمَسْبُوْقٍ	۳۳۱	۵۴	مُضْعِفُ	۳۳۳
۳۶	مَاهِدُ	۳۸۳	۵۵	مُطْوِيْ	۳۶۰
۳۷	مُبَدِّلُ	۳۸۸	۵۶	مُظْلِمُ	۳۶۵
۳۸	مُبْقِيْ	۳۴۴	۵۷	مُظْهِرُ	۳۳۸
۳۹	مَتِيْنُ	۳۲۹	۵۸	مُعِدُّ	۳۳۴

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
١	٢	٣	٤	٥	٦
٥٩	مُعَمِّر	٢٥٨	٧٤	مُوَخِّر	٣٢٧
٦٠	مُفَجِّر	٢٦٣	٧٥	مُوَزِّع	٣٧٣
٦١	مُقْتَدِر	٣١٨	٧٦	مُوَسِّع	٢٩٩
٦٢	مُقَدِّر	٣٢٠	٧٧	مُوَصِّل	٣٥٧
٦٣	مُقَدِّم	٢٤٦	٧٨	مُوَفِّق	٣٧١
٦٤	مُقَلِّب	٣٥١	٧٩	مُوَقِّت	٣٧٦
٦٥	مُقَوِّي	٣٤٣	٨٠	مُوَرِّج	٣٦١
٦٦	مُکَوِّر	٣٧٧	٨١	مُوَلِّفُ الْقُلُوب	٣٥٠
٦٧	مُمْسِکُ الشَّيْءِ	٣٧٩	٨٢	مُوَلِّي	٣٠٣
٦٨	مُطَهِّر	٣٦٨	٨٣	نَاصِب	٣٠٠
٦٩	مُمَلِّيُ الْجَهَنَّم	٣٦٦	٨٤	نِعْمَ الْمَاهِد	٣٨٤
٧٠	مُنَبِّت	٢٦٤	٨٥	وَاسِع	٢٩٨
٧١	مُنَزِّل	٢٩٣	٨٦	وَاصِل	٣٥٦
٧٢	مُنَزِّل	٢٩٤	٨٧	هَازِمُ الْأَحْزَاب	٣٠١
٧٣	مُنَکِّس	٣٥٩	٠	٠	٠

٣١٦ ـ قَادِرٌ = قدرت رکھنے والا، مثلاً
(قَادِرٌ) اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ = اللہ اس پر قادر ہے کہ کوئی نشانی اوتارے، لیکن اون مین کے اکثر نہین جانتے ہین، دیکھو سورۂ انعام نمبر ٦ نمبر آیۃ ٣٧/٨٢٥

٣١٧ ـ قَدِيْرٌ = قدرت رکھنے والا، مثلاً
(قَدِيْرٌ) وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ = اور بیشک خدا اون کی مدد کرنے پر ضرور قادر ہے، دیکھو سورۂ حج نمبر ٢٢ نمبر آیۃ ٣٩/٢٦٨٧ ـ

٣١٨ ـ مُقْتَدِرٌ = قدرت رکھنے والا،
(مُقْتَدِرٌ) مثلاً وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا = اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے دیکھو سورۂ کہف نمبر ١٨ نمبر آیۃ ٤٥/٢١٨٥ ـ

٣١٩ ـ اَقْدَرُ الْقَادِرِيْنَ = سب سے بڑا قادر،
(اَقْدَرُ الْقَادِرِيْنَ) یہہ اور قادر دونون ہم مفہوم ہین؛ دونون ذات باری کے کمال قدرت پر دال ہین، کتاب الأذکار مین دشمن پر فتحیابی کے لیئے دعاء ذیل لکھی گئی ہے۔ اَللّٰهُمَّ انْصُرْنِيْ نَصْرًا جَمِيْلًا وَّاَقْدِرْ لِيْ عَلٰى هَزِيْمَةِ الْاَعْدَاءِ يَا اَقْدَرَ الْقَادِرِيْنَ = اے خدا! میری اچھی مدد کر، اور دشمنون کی شکست پر مجھے قدرت دے توسب سے بڑا قادر ہے ـ

٣٢٠ ـ مُقَدِّرٌ = اندازہ کرنے والا، وَالَّذِيْ
(مُقَدِّرٌ) قَدَّرَ فَهَدٰى = جس پروردگار نے اندازہ

کیا اور راستے لگا دیا، دیکھو سورۃ نبا نمبر ۷۸ نمبر آیۃ ۲۹/۵۷۰۵ ہے۔ یا مقرر کرنے والا مثلاً نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ = ہم نے تمہارے درمیان موت مقرر کر دی ہے، دیکھو سورۃ واقعہ نمبر ۵۶ نمبر آیۃ ۶۱/۵۰۴۴

۲۳۱ - قَوِيٌّ = قُوَّتْ والا، زبردست؛ (قَوِيٌّ) مثلاً اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ = بیشک تیرا پروردگار وہی زبردست ہے، غالب ہے، دیکھو سورۃ ہود نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۶۶/۱۵۳۹ فارسی میں اس کا ہم معنی نام توانا ہے۔

۲۳۲ - مُقَوِّيٌ = قوت دینے والا، یہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے: (مُقَوِّيٌ) اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً، يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ، وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ = خدا وہی ذات ہے جس نے تم کو ناتوانی کی حالت سے پیدا کیا پھر ناتوانی کے بعد توانائی دی، پھر توانائی کے بعد ناتوانی اور پیری کر دی، جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہی بڑا جاننے والا ہے، قدرت والا ہے، دیکھو سورۃ روم نمبر ۳۰ نمبر آیۃ ۵۳/۳۴۶۵ ـ

۲۳۳ - شَدِيْدُ الْقُوٰى = سخت یعنی بڑا قدرت (شَدِيْدُ الْقُوٰى) والا، یہ نام قرآن مجید اور کتب احادیث میں بصیغۂ مفرد اور نہ بمفہومہ ہے؛ ہاں قوی جو اسماء حسنیٰ میں سے ہے کبھی بمعنی قادر آتا ہے اور کبھی بمعنی کامل قدرت والے کے آتا ہے؛ یہاں شدید القوی بمعنی ثانی قوی کا مرادف ہوسکتا ہے، اور اگر وہ شَدِيْدُ الْقُوٰى مراد ہو جو سورۃ نجم نمبر ۵۳ نمبر آیۃ ۵/۴۷۹۳ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى = محمدؐ کو بڑی قوت والے نے سکھایا تو بالکل خلاف ہوگا کیونکہ یہاں شدید القوی سے عموماً جبریل سمجھے جاتے ہیں لیکن چونکہ جبریل نام فرشتہ ہے اور معلم حقیقی باری تعالیٰ ہے لہذا اوس سے بھی یہ صفت متعلق ہوسکتی ہے۔

۲۳۴ - ذُو الْقُوَّةِ = قوت والا ہے، مثلاً (ذُو الْقُوَّةِ) اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ = بیشک اللہ بڑا روزی دینے والا ہے، قوت والا ہے، زبردست ہے، دیکھو سورۃ ذاریات نمبر ۵۱ نمبر آیۃ ۵۸/۴۷۳۲ ـ

۲۳۵ - ذُو الْحَوْلِ = ذُو الْقُوَّةِ = قوت والا (ذُو الْحَوْلِ) ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ

اَلفاظ سے بھی دعا مانگ لیا کرتے تھے
اَللّٰھُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِیْدِ = اے پروردگار!
بڑی قوت والے، دیکھو کتب احادیث۔

مُحَوِّل
۳۲۶ - مُحَوِّلُ = پھیرنے والا، مثلاً لَاحَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ = پھرنا اور
طاقت سوا عالی شان اور بڑے خدا کے
اور کسی سے نہیں ہے۔

عَزِیْز
۳۲۷ - عَزِیْزٌ = غالب، مثلاً ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ
الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ، سُبْحٰنَ اللّٰہِ
عَمَّا یُشْرِکُوْنَ = وہ ایسا اللہ ہے جس کے سوا
کوئی معبود نہیں، بادشاہ ہے، بڑا پاک ہے
بری ہے، امن دینے والا ہے، نگہبان
ہے، زبردست ہے، بڑا مجبور کرنے والا
ہے، تکبر والا ہے، وہ جو شرک کرتے ہیں
اللہ اوس سے پاک ہے، دیکھو سورہ حشر
نمبر ۵۹ نمبر آیۃ ۲۳/۵۱۵۳، فارسی میں اس کا ہم معنی
نام زبردست ہے۔

غَالِب
۳۲۸ - غَالِبٌ = زبردست، قدرت والا
مثلاً وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ
لَا یَعْلَمُوْنَ = اور اللہ اپنے کام پر قادر ہے
ولیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں، دیکھو سورہ
یوسف ۱۲ نمبر ۱۲ نمبر آیۃ ۲۱/۱۴۱۷ —

مَتِیْن
۳۲۹ - مَتِیْنٌ = زبردست، دیکھو دفعہ ۴۴

لَیْسَ بِعَاجِزٍ
۳۳۰ - لَیْسَ بِعَاجِزٍ = اللہ عاجز نہیں ہے
یہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:۔
قَالَ اِنَّمَا یَاْتِیْکُمْ بِہِ اللّٰہُ اِنْ شَآءَ وَمَا اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ
= نوح نے کہا کہ اگر خدا کو منظور ہوگا تو وہی عذاب
کو تم پر نازل کرے گا، اور تم ہرا نہیں سکو گے،
دیکھو سورہ ہود ۱۱ نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۳۳/۱۵۰۶ —

لَیْسَ بِمَسْبُوْقٍ
۳۳۱ - لَیْسَ بِمَسْبُوْقٍ = اللہ عاجز نہیں ہے
مثلاً نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَکُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ
بِمَسْبُوْقِیْنَ = اور ہم ہی نے تم لوگوں میں موت
کا تقرر کر دیا ہے، اور ہم عاجز نہیں، دیکھو سورہ
واقعہ نمبر ۵۶ نمبر آیۃ ۶۱/۵۰۴۴ —

لَا یَضُرُّوْنَ اللّٰہَ
۳۳۲ - لَا یَضُرُّوْنَ اللّٰہَ = وہ اللہ کا بگاڑ نہیں
سکتا، مثلاً وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ شَیْئًا، اِنَّ رَبِّیْ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ = اور تم اللہ کا کچھ بھی بگاڑ نہ
سکو گے بیشک میرا پروردگار ہر چیز کا نگران ہے
دیکھو سورہ ہود نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۵۷/۱۵۳۰ —

مُضْعِف
۳۳۳ - مُضْعِفٌ = کمزور کرنے والا، یہ
دفعہ ۳۴۲ کی آیۃ مندرجہ سے لیا گیا ہے

دیکھو دفعہ مذکورہ۔

۴۳۴ ـ ذُوالْاِخْتِیَارِ = اختیار والا ہے، مثلاً
ذُوالْاِخْتِیَارِ
وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَیَخْتَارُ مَا کَانَ
لَهُمُ الْخِیَرَةُ = اور تیرا پروردگار جو چاہتا ہے پیدا
کرتا ہے، اور اختیار کیا کرتا ہے مختار کرنا
اون لوگون کے اختیار مین نہین ہے، دیکھو
سورہ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ ۶۸/۳۳۴ ۔

۴۳۵ ـ لَا مُعِیْنَ لَهُ = خدا کا کوئی مددگار
لَا مُعِیْنَ لَهُ
نہین ہے، یہہ آیۃ ذیل سے
لیا گیا ہے:- لَمْ یَکُنْ لَّهُ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ
تَکْبِیْرًا = اس سبب سے کہ کمزور ہے کوئی اللہ
کا مددگار نہین ہے اور اوس کی بڑائی کرتا رہ
دیکھو سورہ بنی اسرائیل نمبر ۱۷ نمبر آیۃ ۱۱۱/۳۱۴،

۴۳۶ ـ لَا وَلِیَّ لَهُ = خدا کا کوئی مددگار نہین
لَا وَلِیَّ لَهُ
ہے، یہہ دفعہ ۴۳۵ کی آیہ مندرجہ
سے لیا گیا ہے، اول صرف باتحاد مفہوم اور
ثانی بتغیر لفظ و اتحاد معنی ماخوذ ہے، دیکھو دفعہ مذکور الصدر

۴۳۷ ـ مُعِدٌّ = تیار کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل
مُعِدٌّ
سے لیا گیا ہے:- وَاِنْ کُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْکُنَّ
اَجْرًا عَظِیْمًا = (امہات المومنین) اگر تم اللہ اور
اوس کے رسول اور عاقبت کے گھر کے
خواہان ہو تو تم مین سے جو نیکوکار ہین اون کے
لیئے خدا نے بڑے اجر تیار کر رکھے ہین۔
دیکھو سورہ احزاب نمبر ۳۳ نمبر آیۃ ۲۹/۳۵۶۵ ۔

۴۳۸ ـ مُظْهِرٌ = غالب کرنے والا، دیکھو
مُظْهِرٌ
دفعہ ۴۴۶ ۔

۴۳۹ ـ کُلُّ شَیْءٍ مَظْهَرُ اٰیَاتِهٖ = ہر چیز خدا کے
کُلُّ شَیْءٍ مَظْهَرُ اٰیَاتِهٖ
ظہور قدرت کا مقام ہے، دیکھو دفعہ ۱۹

۴۴۰ ـ فَتَّاحٌ = بڑا کھولنے والا، فیصلہ کرنے
فَتَّاحٌ
والا، مثلاً وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ = اور اللہ
فیصلہ کرنے والا ہے، جاننے والا ہے؛
دیکھو سورہ سباء نمبر ۳۴ نمبر آیۃ ۲۶/۳۶۳۴ ۔

۴۴۱ ـ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ = بہتر فیصلہ کرنے
خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ
والون کا، مثلاً رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا
بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ = اے ہمارے
پروردگار! ہم مین اور ہماری قوم مین منصفانہ فیصلہ
کر، اور تو سب فیصلہ کرنے والون سے بہتر ہے
دیکھو سورہ اعراف نمبر ۷ نمبر آیۃ ۸۷/۱۰۴ ۔

۴۴۲ ـ لَا تَفَاوُتَ فِیْ قُدْرَتِهٖ = خدا کی قدرت مین
لَا تَفَاوُتَ فِیْ قُدْرَتِهٖ
کسی طرح فرق نہین آتا ہے خواہ کام
تھوڑا ہو یا بہت ہو، مثلاً وَمَا اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا کَلَمْحِ الْبَصَرِ

اَوْ ہُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ = قیامت
کا قائم کرنا تو ایسا ہے جیسے چشم زدن بلکہ وہ
جلد تر ہے، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے،
دیکھو سورہ نحل نمبر ۱۶ نمبر آیۃ ۷۷/۱۹۷۸ —

۲۴۳ — مُحْشِرُ الْخَلْقِ = جمع کرنے والا مخلوق کا
(مُحْشِرُ الْخَلْقِ) مثلاً اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ یَحْشُرُہُمْ اِنَّہٗ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ
= بیشک تیرا پروردگار اون کو جمع کرے گا، بیشک
وہ حکمت والا ہے جاننے والا ہے، دیکھو
سورہ حجر نمبر ۱۵ نمبر آیۃ ۲۵/۱۸۴۷ —

۲۴۴ — مُبْقِیْ = باقی رکھنے والا، یہہ آیۃ
(مُبْقِیْ) ذیل سے ماخوذ ہے: وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَہٗ ہُمُ
الْبٰقِیْنَ = اور ہم نے نوح کی نسل کو باقی
رکھا، دیکھو سورہ صٰفّٰت نمبر ۳۷ نمبر آیۃ ۷۷/۳۸۶۸

۲۴۵ — لَہُ الْاٰیٰتُ الْکُبْرٰی = خدا کی قدرت
(لَہُ الْاٰیٰتُ الْکُبْرٰی) کی بڑی نشانیاں ہیں مثلاً لِنُرِیَکَ
مِنْ اٰیٰتِنَا الْکُبْرٰی = تاکہ ہم تجھ کو اپنی بڑی نشانیاں
دکھائیں، دیکھو سورہ طٰہٰ نمبر ۲۰ نمبر آیۃ ۲۳/۲۴۷۲ —

۲۴۶ — مُقَدِّمُ = پہلے کرنے والا، ترمذی
(مُقَدِّمُ) میں حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نماز کے آخر میں تشہد کے بعد اور سلام کے
قبل دعا ذیل فرماتے تھے: اَللّٰہُمَّ اغْفِرْلِیْ
مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا
اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ
اِلَّا اَنْتَ = یا اللہ بخش دے اوس کو جو میں
نے آگے کیا اور جو میں نے پیچھے کیا، اور جو
میں نے خفیہ کیا، اور جو میں نے علانیہ کیا،
اور جو میرے جن اعمال پر مجھ سے تجھ کو خوب
علم ہے تو ہی مقدم کرنے والا ہے اور تو ہی
مؤخر کرنے والا ہے، اور تیرے سوا کوئی
معبود نہیں دیکھو ترمذی ابواب الدعوات —

۲۴۷ — مُؤَخِّرُ = پیچھے کرنے والا، دیکھو
(مُؤَخِّرُ) دفعہ ۲۴۶ —

۲۴۸ — جَامِعُ = جمع کرنے والا، رَبَّنَا اِنَّکَ
(جَامِعُ) جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ = اے
ہمارے پروردگار جس دن میں شک نہیں
اوس میں تو ہی لوگوں کا اکٹھا کرنے والا ہوگا،
دیکھو سورہ عمران نمبر ۳ نمبر آیۃ ۱۳۸/۱۳۶۲ —

۲۴۹ — صَارِفُ الْقُلُوْبِ = دلوں کا پھیرنے
(صَارِفُ الْقُلُوْبِ) والا، مثلاً صَرَفَ اللّٰہُ قُلُوْبَہُمْ بِاَنَّہُمْ
قَوْمٌ لَّا یَفْقَہُوْنَ = اللہ نے اون کے دلوں کو پھیر
دیا بسبب اس کے کہ یہہ ایسے لوگ ہیں کہ

سمجھتے نہین ، دیکھو سورۂ توبہ نمبر ۹ نمبر آیۃ ۶۰/۱۳۶۲ —

۴۵۰ — مُؤَلِّفُ الْقُلُوْبِ دلون کا جوڑنے والا

مؤلف القلوب

مثلاً وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ = اور خدا
نے مسلمانون کے دلون کو باہم جوڑ دیا یعنی
اُلفت پیدا کردی ، دیکھو سورۂ انفال نمبر ۸ نمبر
آیۃ ۶۳/۱۲۲۲ —

۴۵۱ — مُقَلِّبُ = اولٹ پلٹ کرنے والا ،

مقلب

مثلاً وَنُقَلِّبُ اَفْئِدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ
يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ =
اور ہم اون کے دلون اور اون کی آنکھون کو ایسا
اولٹ پلٹ دین گے جیسے کہ اوس پر پہلی دفعہ ایمان
نہین لائے تھے ، اور ہم اون کو اون کی
سرکشی مین حیران رہنے دین گے ، دیکھو سورۂ
انعام نمبر ۶ نمبر آیۃ ۱۱۰/۸۹۸ ، اس قسم کے اسماء
کا مضاف الیہ کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے
مثلاً مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ ، مُقَلِّبُ الْاَبْصَارِ —

۴۵۲ — فَالِقُ = پھوٹنے والا ، مثلاً فَالِقُ

فالق

الْاِصْبَاحِ = اس صبح کی پھوٹنے والا ہے ،
دیکھو سورۂ انعام نمبر ۶ نمبر آیۃ ۹۶/۸۸۴ ، اس کا
بھی بغیر مضاف الیہ کے استعمال کرنا بعض علماء
ناجائز سمجھتے ہین ، دیکھو تفسیر کبیر ، بوقت استعمال
اضافت سے اس کو مقید کرنا چاہیے مثلاً
فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ، فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى —

۴۵۳ — قَابِضُ = تنگ دست کرنے والا ،

قابض

مثلاً وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ =
اور اللہ تنگ دست بھی کرتا ہے اور کشایش
بھی دیتا ہے اور اوس ہی کی طرف تم لوٹ کر
جاؤ گے دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۴۵/۲۵۲

۴۵۴ — باسط = کشایش دینے والا ، یہ بھی دفعہ مذکور بعد

باسط

کی آیۃ مندرجہ سے لیا گیا ہے ۔ دیکھو دفعہ مذکورہ

۴۵۵ — رَابِطُ = باندھنے والا ، یہہ آیۃ ذیل

رابط

یا اس کے امثال سے لیا گیا ہے :
وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ، اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ
بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ = اور
موسی کی مان کا دل بیقرار ہو گیا ، اگر ہم اوس کے
دل کو مضبوط نہ کیے ہوتے تو قریب تھا کہ موسی
کو ظاہر کرے ، اور یہہ اس غرض سے کیا کہ وہ
یقین کرنے والون مین سے رہے ، دیکھو
سورۂ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ ۹/۳۳۴۴ —

۴۵۶ — وَاصِلُ = پہونچانے والا ، یہہ آیۃ

واصل

ذیل سے لیا گیا ہے : وَلَقَدْ وَصَّلْنَا
لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ = اور ہم برابر اون کو

احکام پہونچاتے رہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں،
دیکھو سورۂ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ $\frac{۵۱}{۳۲۰۶}$ —

۲۵۷ — مُوَصِّلٌ = پہونچانے والا، یہہ بھی
مُوَصِّلٌ دفعہ مذکور الصدر سے لیا گیا ہے؛
دیکھو دفعہ مذکورہ —

۲۵۸ — مُعَمِّرٌ = عمر زیادہ کرنے والا، بوڑھا
مُعَمِّرٌ کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا
ہے: — وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ، أَفَلَا يَعْقِلُونَ
= اور ہم جس کی عمر زیادہ کرتے ہیں تو بناوٹ
میں اوس کو اوندھا کر دیتے ہیں، کیا یہہ لوگ
نہیں سمجھتے ہیں؟ دیکھو سورۂ یٰس نمبر ۳۶ نمبر
آیۃ $\frac{۶۸}{۳۷۷۶}$

۲۵۹ — مُنَكِّسٌ = اوندھا کرنے والا،
مُنَكِّسٌ یہہ بھی دفعہ مذکور الصدر کی آیۃ مندرجہ
سے لیا گیا ہے دیکھو دفعہ مذکورہ —

۲۶۰ — مُطْوِي = لپیٹنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے
مُطْوِي لیا گیا ہے: — يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ
السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ = جس دن ہم آسمانوں کو اس طرح
لپیٹیں گے جیسے خطوط کے مکتوب کا لپیٹنا، دیکھو
سورۂ انبیاء نمبر ۲۱ نمبر آیۃ $\frac{۱۰۴}{۲۵۸۷}$ —

۲۶۱ — مُولِجٌ = داخل کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل
مُولِجٌ سے لیا گیا ہے: — أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ
فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ = کیا تو نے
نظر نہیں کی کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا
ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے؛
دیکھو سورۂ لقمان نمبر ۳۱ نمبر آیۃ $\frac{۲۸}{۳۵۰۰}$ —

۲۶۲ — مُفَجِّرٌ = بہانے والا، یہہ آیۃ ذیل
مُفَجِّرٌ سے لیا گیا ہے: — وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا =
اور ہم نے دونوں کے درمیان نہر جاری
کر رکھی تھی، دیکھو سورۂ کہف نمبر ۱۸ نمبر آیۃ $\frac{۳۳}{۲۱۷۳}$

۲۶۳ — مُذْهِبٌ = لے جانے والا، دور
مُذْهِبٌ کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے ماخوذ
ہے: — إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ
أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا = اہل بیت! خدا
یہہ چاہتا ہے کہ تم سے گندگی کو دور کرے
اور تم کو ایسا پاک کرے جیسا پاک بنانے کا
حق ہو، دیکھو سورۂ احزاب نمبر ۳۳ نمبر آیۃ $\frac{۳۳}{۳۵۹۹}$

۲۶۴ — مُنْبِتٌ = اوگانے والا، یہہ آیۃ ذیل
مُنْبِتٌ سے لیا گیا ہے: — يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ
وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ
= اوس ہی پانی سے اللہ تمہارے لئے کھیتی
اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر طرح کے پھل پیدا

کرتا ہے، دیکھو سورہ نحل نمبر ۱۶ نمبر آیۃ ۱۱/۱۹۱۳

۲۶۵ _ مُظلِم = اندھیرا کرنے والا، یہہ دفعہ ۲۷۰ کی آیہ مندرجہ سے لیا گیا ہے دیکھو دفعہ مذکورہ

۲۶۶ _ مَلِئُ الجَہَنَّم = جہنم کا بھرنے والا، یہہ آیہ ذیل یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے :- لَمَن تَبِعَکَ مِنہُم لَأَملَئَنَّ جَہَنَّمَ مِنکُم أَجمَعِینَ = بنی آدم مین سے (اے ابلیس) جو کوئی تیری پیروی کرے گا، مین بیشک تم سب سے جہنم بھرون گا، دیکھو سورہ اعراف نمبر ۷ نمبر آیۃ ۱۷/۹ —

۲۶۷ _ مُسَخِّر = تابع اور اختیار مین کرانے والا، یہہ آیہ ذیل یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے :- وَسَخَّرَ لَکُمُ الفُلکَ لِتَجرِيَ فِي البَحرِ بِأَمرِهِ وَسَخَّرَ لَکُمُ الأَنهَارَ = اور خدا نے کشتیون کو تمہارے اختیار مین کر دیا تاکہ اوس کے حکم سے دریا مین چلین اور نہرون کو بھی تمہارے اختیار مین کر دیا، دیکھو سورہ ابراہیم نمبر ۱۴ نمبر آیۃ ۳۲/۱۷۸۲

۲۶۸ _ مُمطِر = مینہ برسانے والا، یہہ آیہ ذیل یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے :- وَأَمطَرنَا عَلَیہِم حِجَارَةً مِن سِجِّیلٍ = اور ہم نے قوم لوط پر کنکرون کا پتھراو برسا دیا، دیکھو سورہ حجر نمبر ۱۵ نمبر آیۃ ۷۴/۱۸۴۶ —

۲۶۹ _ مُسقِط = گرانے والا، یہہ آیہ ذیل یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے :- وَإِن نَشَأ نَخسِف بِہِمُ الأَرضَ أَو نُسقِط عَلَیہِم کِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ = اگر ہم چاہین تو اون کو زمین مین دھسا دین یا اون پر آسمان کے ٹکڑے گرا دین دیکھو سورہ سبا نمبر ۳۴ نمبر آیۃ ۹/۳۴۹۱۸ —

۲۷۰ _ مُخسِف = دھسانے والا، یہہ دفعہ مذکور الصدر کی آیہ مندرجہ یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے۔

۲۷۱ _ مُوَفِّق = توفیق دینے والا، یہہ آیہ ذیل سے ماخوذ ہے :- وَمَا تَوفِیقِي إِلَّا بِاللہِ = اور مجھ مین بغیر تائید الٰہی کے کوئی طاقت ہی نہین، دیکھو سورہ ہود نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۸۸/۱۵۹۱ — اور اگر یہہ بھی موافق اور برابر کے لیا جاوے تو آیہ ذیل سے ماخوذ ہوگا :- إِن يُرِيدَا إِصلَاحًا يُوَفِّقِ اللہُ بَينَهُمَا = اگر میان بیوی کے پنچون کا ارادہ اصلاح کا ہوگا تو اللہ دونون مین موافقت کرا دے گا، دیکھو سورہ نساء نمبر ۴ نمبر آیۃ ۳۵/۵۲۳ ، بتقدیر اول بلا تشدید فاء اور بتقدیر ثانی بالتشدید فاء، یعنی مُوفِق و مُوَفِّق

پڑھنا چاہیے۔

۳۷۲ ـ مُوَزِّعٌ = توفیق دینے والا، یہہ
مُوَزِّعٌ | آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔
رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ
وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ
فِیْ ذُرِّیَّتِیْ = اے میرے پروردگار مجھ کو
اس کی توفیق دے کہ تو نے جو مجھ پر اور میرے
ماں باپ پر احسانات کیے ہیں، تیرے
اون احسانات کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور
اس کی کہ میں ایسا نیک عمل کروں جس سے
تو خوش ہو، اور میری اولاد میں نیک بختی
پیدا کر، دیکھو سورۂ احقاف نمبر ۴۶ نمبر آیتہ ۱۵/۴۵۳۷

۳۷۳ ـ مُضْحِكٌ = ہنسانے والا، یہہ
مُضْحِكٌ | آیۂ ذیل سے ماخوذ ہے:۔ وَاَنَّهٗ هُوَ
اَضْحَكَ وَاَبْكٰی = اور یہہ کہ وہی خدا ہنساتا ہے
اور رولاتا ہے، دیکھو سورۂ نجم نمبر ۵۳ نمبر آیتہ ۴۳/۴۸۳۱

۳۷۴ ـ مُذَلِّلٌ = مطیع کرنے والا، اور بس میں
مُذَلِّلٌ | کرنے والا:۔ یہہ آیۂ ذیل سے
لیا گیا ہے:۔ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا
یَاْكُلُوْنَ = اور ہم نے ان چارپایوں کو اون کے
بس میں کر دیا ہے تو ان میں سے بعض اون کی
سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کھاتے
ہیں دیکھو سورۂ یٰس نمبر ۳۶ نمبر آیتہ ۷۲/۳۸۱۲

۳۷۵ ـ مُزَیِّنٌ = زینت دینے والا،
مُزَیِّنٌ | یہہ آیۂ ذیل یا اس کے امثال سے
لیا گیا ہے:۔ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ِ الْكَوَاكِبِ
= ہم نے ورلے آسمان کو ستاروں کی زینت
سے آراستہ کیا دیکھو سورۂ صٰفٰت نمبر ۳۷ نمبر آیتہ ۶/۳۷۹۷

۳۷۶ ـ مُوَقِّفٌ = ٹھہرانے والا، یہہ آیۂ ذیل
مُوَقِّفٌ | سے لیا گیا ہے:۔ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ
مَّسْئُوْلُوْنَ = ظالمین اور مشرکین کو ٹھہراؤ ان سے
پوچھنا ہے دیکھو سورۂ صٰفٰت نمبر ۳۷ نمبر آیتہ ۲۴/۳۸۱۵

۳۷۷ ـ مُكَوِّرٌ = لپیٹنے والا، یہہ آیۂ ذیل سے
مُكَوِّرٌ | لیا گیا ہے:۔ یُكَوِّرُ الَّیْلَ عَلَی النَّهَارِ وَیُكَوِّرُ النَّهَارَ
عَلَی الَّیْلِ = اللہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے، اور
دن کو رات پر لپیٹتا ہے دیکھو سورۂ زمر نمبر ۳۹
نمبر آیتہ ۵/۴۰۶۶

۳۷۸ ـ مُثَبِّتٌ = جمانے والا، ثابت وقائم
مُثَبِّتٌ | رکھنے والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:۔
یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ یَنْصُرْكُمْ وَیُثَبِّتْ
اَقْدَامَكُمْ = اے ایمان والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے
تو وہ تمہاری مدد کریگا اور تمہارے پاؤں

جانیے رکھیے گا دیکھو سورہ محمد نمبر ۴۷ نمبر آیۃ ۸/۴۵۵۵

۲۷۹ - مُمْسِکُ الشَّيْءِ = بند کرنے والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:- وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ = اور خدا جو بند کرے اوس کے بعد اوس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں، دیکھو سورہ فاطر نمبر ۳۵ نمبر آیۃ ۲/۳۶۶۵ —

(مُمْسِکُ الشَّيْءِ)

۲۸۰ - رَادٌّ = واپس پہونچانے والا، مثلاً اِنَّا رَادُّوْہُ اِلَیْکِ وَجَاعِلُوْہُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ = ہم موسی کو (والدہ موسی!) پھر تیرے پاس پہونچانے والے ہیں، اور من جملہ اَور رسل کے اوس کو بھی رسول بنانے والے ہیں، دیکھو سورہ قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ ۶/۳۴۶۱

(رَادٌّ)

۲۸۱ - سَاطِحُ الْاَرْضِ = زمین کا بچھانے والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:- وَاِلَی الْاَرْضِ کَیْفَ سُطِحَتْ = اور یہہ لوگ زمین کی طرف نہیں دیکھتے ہیں کہ کیسی بچھائی گئی ہے، دیکھو سورہ غاشیہ نمبر ۸۸ نمبر آیۃ ۲۰/۵۹۹۴

(سَاطِحُ الْاَرْضِ)

۲۸۲ - سَاطِعُ الصُّبْحِ = صبح صادق کرنے والا سَاطِعُ بمعنی پھیلانے اور پراگندہ کرنے کے ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کہا گیا ہے کہ فِیْ عُنُقِہٖ سَطَعٌ = اون کی گردن میں بلندی تھی، مطلب یہہ ہے کہ محاورۂ عرب میں یہہ لفظ بمعنی مذکور مستعمل ہے اس لیئے خدا کی نسبت بھی مستعمل ہوا ہے —

(سَاطِعُ الصُّبْحِ)

۲۸۳ - مَاہِدُ = بچھانے والا ہے یہہ دفعہ ۲۸۴ کی آیۂ مندرجہ سے لیا گیا ہے، دیکھو دفعہ مذکورہ —

(مَاہِدُ)

۲۸۴ - نِعْمَ الْمَاہِدُ = اچھا بچھانے والا، مثلاً وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰہَا فَنِعْمَ الْمَاہِدُوْنَ = اور ہم نے زمین کو بچھایا، پس کیا اچھے بچھانے والے ہیں دیکھو سورہ ذاریات نمبر ۵۱ نمبر آیۃ ۴۸/۴۷۷

خدا پر ماہد یا نعم الماہد کا اطلاق اکثر علماء پسند نہیں کرتے ہیں لیکن بلحاظ فاعل حقیقی ہونے کے یہہ نام غلط نہیں ہے —

(نِعْمَ الْمَاہِدُ)

۲۸۵ - قَاصِمٌ = توڑنے والا، جب عرب کسی ظالم کو بددعا دیتے ہیں تو کہتے ہیں قَصَمَ اللّٰہُ ظَہْرَہٗ = خدا اوس کی پیٹھ کو توڑ ڈالے اور اسی طرح حدیث ذیل میں بھی آیا ہے:- اَلْفَاجِرُ کَالْاَرْزَۃِ صَمَّاءُ مُعْتَدِلَۃٌ حَتّٰی یَقْصِمَہَا اللّٰہُ = بدکار آدمی چیڑ کے سیدھے اور تازہ درخت کے مانند ہوتا ہے جس کو خدا جلدی توڑ ڈالتا ہے —

(قَاصِمٌ)

۲۸۶ - قَاسِمٌ = تقسیم کرنے والا، مثلاً اَہُمْ

(قَاسِمٌ)

يَقْسِمُونَ رَحْمَةَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ
فِي الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا = کیا یہہ لوگ تیرے پروردگار
کی رحمت کی تقسیم کرتے ہین؟ دنیا کی زندگی
مین اون کی روزی اون مین ہم ہی تقسیم کرتے ہین
دیکھو سورہ زخرف نمبر ۴۳ نمبر آیۃ ۳۱/۴۳۵۹ ؛ باری تعالی
کو قسام ازل بھی کہتے ہین —

۲۸۷ — قَسَّامُ الْأَزَلِ = ازل مین تقسیم
کرنے والا ؛ دیکھو دفعہ مذکور الصدر

۲۸۸ — مُبَدِّلُ = بدلنے والا ؛ یہہ آیۃ ذیل
سے لیا گیا ہے :- وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً
مَّكَانَ آيَةٍ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مُفْتَرٍ
بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ = اور جب ہم ایک آیۃ بدل کر
اوس کی جگہہ دوسری آیۃ نازل کرتے ہین، اور
اللہ جو نازل کرتا ہے اوس کو خوب جانتا ہے
تو کہتے ہین کہ تو اپنے دل سے بناتا ہے بلکہ
ان مین سے اکثر نہین جانتے ہین ؛ دیکھو سورہ
نحل نمبر ۱۶ نمبر آیۃ ۱۰۱/۲۰۰۴ —

۲۸۹ — مُرْسِلُ = بھیجنے والا ؛ مثلاً وَمَا كُنتَ
ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَلَٰكِنَّا
كُنَّا مُرْسِلِينَ = اور تو مدین کے لوگون مین نہین
رہا کہ تو اون کو ہماری آیتین پڑھکر سناتا تھا بلکہ ہم
بھیجنے والے تھے ؛ دیکھو سورہ قصص نمبر ۲۸
نمبر آیۃ ۴۵/۳۳۰۰ ؛ اس کے ساتھ بھی قید اضافت
لگا کر استعمال کرنا چاہیئے مثلاً مُرْسِلُ الرَّحْمَةِ ،
مُرْسِلُ الْكِتَابِ ، مُرْسِلُ الرُّسُلِ —

۲۹۰ — مُزَلْزِلُ الْأَرْضِ = زمین کا ہلانے والا
یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے :-
إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا = جب زمین بڑے
زور سے ہلا دی جائیگی ؛ دیکھو سورہ زلزال نمبر ۹۹
نمبر آیۃ ۱/۶۱۳۵ —

۲۹۱ — مُسْمِعُ = سنانے والا ؛ یہہ آیۃ ذیل یا
اس کے امثال سے لیا گیا ہے :-
إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي الْقُبُورِ
= اللہ جس کو سنانے سنا سکتا ہے اور جو لوگ
قبرون مین ہین تو اون کو سنا نہین سکتا ؛ دیکھو سورہ
فاطر نمبر ۳۵ نمبر آیۃ ۲۱/۳۶۸۴ —

۲۹۲ — مُصِيبُ = پہونچانے والا ؛ یہہ آیۃ ذیل
یا اس کے امثال سے لیا گیا ہے :-
لَن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا = جو کچھہ خدا نے
میرے حق مین لکھدیا ہے اوس کے سوا ہم کو
کچھ نہین پہونچ سکتا ہے ؛ دیکھو سورہ توبہ نمبر ۹
نمبر آیۃ ۵۱/۱۲۸۴ —

۳۹۳ — مُنْزِلٌ = اُوتارنے والا، یہہ آیۃ ذیل یا اُس کے اَمثال سے لیا گیا ہے:— وَاَنْزَلَ لَکُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً = اَللہ نے تمہارے واسطے آسمان سے پانی اُوتارا یعنی برسایا، دیکھو سورۂ نحل نمبر ۲۷ نمبر آیۃ ۶۱/۴۳؛ یہہ بھی اَضافت کے ساتھ مستعمل کرنا چاہیے — مثلاً مُنْزِلُ الْکِتَابِ، مُنْزِلُ الْمَاءِ، مُنْزِلُ الْمَطَرِ۔

(مُنْزِلٌ)

۳۹۴ — مُنَزِّلٌ = بار بار اُوتارنے والا یہہ آیۃ ذیل یا اُس کے اَمثال سے لیا گیا ہے:— اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ، وَ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ = بیشک خدا ہی کو قیامت کا علم ہے، اَور خدا ہی بار بار مینہہ اُوتارتا ہے یعنی برساتا ہے، اَور جو کچھ پیٹ میں ہے وہی اُوس کو جانتا ہے، دیکھو سورۂ لقمٰن نمبر ۳۱ نمبر آیۃ ۳۴/۳۵۰۶ یہہ بھی اَضافت کے ساتھ اَستعمال کرنا چاہیے —

(مُنَزِّلٌ)

۳۹۵ — سَنَدٌ = تکیہ و معتمد، اِس کی کوئی مثال دستیاب نہیں ہوئی —

(سَنَدٌ)

۳۹۵ — لَا مُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ = اَللہ کے حکم کا کوئی ٹال لینے والا نہیں ہے، مثلاً وَاللّٰہُ یَحْکُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ = اَور اَللہ حکم دیتا ہے کوئی اوس کے حکم کا ٹال لینے والا نہیں ہے، دیکھو سورۂ رعد نمبر ۱۳ نمبر آیۃ ۴۱/۱۷۴۸ —

(لَا مُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ)

۳۹۷ — لَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہُمَا = آسمانوں اَور زمین کی حفاظت خدا پر گراں نہیں، مثلاً وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہُمَا وَہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ = اَور اَوس کی کرسی آسمانوں اَور زمین سے وسیع ہے، اَور آسمانوں اَور زمین کی حفاظت خدا پر گراں نہیں، وہ عالی شان ہے، بڑا ہے، دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۵۵/۲۶۲

(لَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہُمَا)

۳۹۸ — وَاسِعٌ = وسعت کرنے والا، مثلاً اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ = بیشک اَللہ وسعت کرنے والا ہے، خوب جاننے والا ہے؛ دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۱۱۵/۱۲۳ —

(وَاسِعٌ)

۳۹۹ — مُوْسِعٌ = وسیع قدرت والا، مثلاً وَالسَّمَاءَ بَنَیْنٰہَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ = اَور ہم نے آسمانوں کو ہاتھوں سے بنایا اَور ہم وسیع قدرت والے ہیں، دیکھو سورۂ ذاریات نمبر ۵۱ نمبر آیۃ ۴۷/۴۷۳۹ —

(مُوْسِعٌ)

۴۰۰ — نَاصِبُ الْجِبَالِ = پہاڑوں کا کھڑا کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل سے لیا گیا ہے:— وَاِلَی الْجِبَالِ کَیْفَ نُصِبَتْ = کیا یہہ لوگ پہاڑوں

(نَاصِبُ الْجِبَالِ)

کی طرف نہین دیکھتے ہین؟ کہ کیسے کھڑے کیئے گیئے ہین، دیکھو سورۂ غاشیہ نمبر ۸۸ نمبر آیۃ ۱۹/۵۹۹۱

ہَازِمُ الْاَحْزَابِ

۳۰۱ ــ ہَازِمُ الْاَحْزَابِ = لشکر کو شکست دینے والا، یہہ آیۂ ذیل سے لیا گیا ہے:-

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ = یہہ ایک گروہ ہے کہ لشکر سے اون کو بھی شکست ہوگی دیکھو سورۂ ص نمبر ۳۸ نمبر آیۃ ۱۱/۳۹۸۴، یا مثلاً

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ = عنقریب ان کا گروہ شکست کھائیگا اور پیٹھ پھیر پھیر کر بھاگین گے دیکھو سورۂ قمر نمبر ۵۴ نمبر آیۃ ۴۵/۴۸۹۵ ــ

مُوَلِّيْ

۳۰۲ ــ مُوَلِّيْ = پھیرنے والا، یہہ آیۂ ذیل یا اوس کے امثال سے لیا گیا ہے:-

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا = تو جو قبلہ تجھ کو پسند ہے ہم اوس کی طرف تجھ کو پھیر دین گے، دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۱۴۴/۱۵۱ ــ

فصل سیزدہم مشیت

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	شَائِيْ	۳۰۳	۶	مُرْتَجٰی	۳۰۸
۲	ذُو الْمَشِيْئَةِ	۳۰۴	۷	مَطْلُوْبٌ	۳۰۹
۳	مُرِيْدٌ	۳۰۵	۸	مَقْصُوْدٌ	۳۱۰
۴	مُرَادٌ	۳۰۶	۹	اَہَمُّ	۳۱۱
۵	رِجَاءٌ	۳۰۷	۱۰	اَتٰی فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ	۳۱۲

ردیف وار اسماء فصل سیزدہم مشیت

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَتٰی فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ	۳۱۲	۶	مُرَادٌ	۳۰۶
۲	اَہَمُّ	۳۱۱	۷	مُرْتَجٰی	۳۰۸
۳	ذُو الْمَشِيْئَةِ	۳۰۴	۸	مُرِيْدٌ	۳۰۵
۴	رِجَاءٌ	۳۰۷	۹	مَطْلُوْبٌ	۳۰۹
۵	شَائِيْ	۳۰۳	۱۰	مَقْصُوْدٌ	۳۱۰

شَائِيْ

۳۰۳ ــ شَائِيْ = چاہنے والا، علامہ تفتازانی شرح عقائد نسفی مین اور امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین لکھتے ہین کہ شائي اسماء اللہ مین سے ہے، قرآن مجید مین آیۂ ذیل یا اس کے

امثال جن سے یہہ لیا جا سکتا ہے کثرت سے
موجود ہیں:- فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاءُ
= پھر اللہ جس کو چاہے بخشے اور جس کو چاہے
عذاب دے، دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۸۴/۲۹۱

۳۰۴ – ذُو الْمَشِيَّةِ = مشیئت والا ہے، یہہ
(ذو المشیئۃ) شائی کا ہم مفہوم ہے، اوس کے ماخذ
یا اوس کے امثال سے یہہ بھی لیا گیا ہے:-
دیکھو دفعہ مذکور الصدر

۳۰۵ – مُرِيْدٌ = ارادہ کرنے والا، چاہنے والا،
(مُرِیْد) یہہ آیۂ ذیل سے ماخوذ ہے:-
اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ = بیشک تیرا پروردگار
جو چاہتا ہے اوس کا بڑا کرنے والا ہے، دیکھو
سورہ ہود نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۱۰۷/۱۰۹، علامہ تفتازانی
اور امام رازی نے اِس کو بھی اسماء اللہ میں سے
گنایا ہے –

۳۰۶ – مُرَادٌ = جس کا ارادہ کیا گیا ہے،
(مُراد) چاہا ہوا، کتاب الاذکار میں لکھا ہے کہ
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُرَادِيْ اَنْتَ مَطْلُوْبِيْ اَنْتَ مَقْصُوْدِيْ
اَنْتَ الْمُرْتَجٰى فِيْ كُلِّ حَالَةٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ
يَا قُدُّوْسُ فَاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ
= یا اللہ تو ہر حالت میں میری مراد ہے اور تو میرا
مطلوب ہے اور تو میرا مقصود ہے، اور
تجھ سے امید ہے، تیرے سوا کوئی معبود
نہیں، اے پاک ذات! پاکی سے یاد کرنے
کا سزاوار تو ہے پس مجھے معاف کر، اور میرے
اوپر رحم کر، اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کر-

۳۰۷ – رِجَاءٌ = امید، یہہ کتاب الاذکار کی
(رِجاء) دعاء ذیل سے لیا گیا ہے:- اَللّٰهُمَّ انْقَطَعَ
رَجَائِيْ عَنِ الْخَلْقِ اَنْتَ رَجَائِيْ = اے خدا!
تیری خلق سے میری امید منقطع ہو گئی تو ہی میری
امید ہے یعنی بغیر تیری ذات کے اور کوئی امید
باقی نہیں رہی، یہاں رجا بمعنی مرجع امید ہے
یہہ صفت زبان زد عامۂ خلائق ہے –

۳۰۸ – مُرْتَجٰى = امید کیا ہوا، دیکھو دفعہ ۳۰۶

۳۰۹ – مَطْلُوْبٌ = طلب کیا ہوا، دیکھو دفعہ ۳۰۶

۳۱۰ – مَقْصُوْدٌ = قصد کیا ہوا، دیکھو دفعہ ۳۰۶-

۳۱۱ – اَهَمُّ = بہت مقصود، کتاب الاذکار میں
(اَہَم) لکھا ہے کہ وَاللّٰهُ اَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَ
اَكْبَرُ = اور خدا بڑا عزت والا ہے، اور بڑا بزرگوار
ہے، اور بڑا پورا ہے، اور بہت ہی مقصود ہے،
اور بہت بڑا ہے –

۳۱۲ – اٰتٍ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ = بادلوں
(اٰتٍ فی ظلل من الغمام)

کے سایہ مین آنے والا ہے؛ ہَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیَهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ = نہین انتظار کرتے ہین مگر یہہ کہ آجاوے اون کے پاس اللہ بادلون کے سایہ مین اور فرشتے بھی، اور کام تمام کیا جاوے، اور سب کام اللہ کی طرف پھیرے جاتے ہین؛ دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۲۱۰/۲۱۲؛ یہہ بھی آیات متشابہات مین سے ہے۔

فصل چہاردہم عظمت

نمبر شمار	نام	دفعہ	نمبر شمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	عَظِیْمٌ	۳۱۳	۱۷	ذُو الْعَلَاءِ	۳۲۹
۲	ذُو الْعَظَمَةِ	۳۱۴	۱۸	مَاجِدٌ	۳۳۰
۳	کَبِیْرٌ	۳۱۵	۱۹	مَجِیْدٌ	۳۳۱
۴	اَکْبَرُ	۳۱۶	۲۰	ذُو الْمَجْدِ	۳۳۲
۵	ذُو الْکِبْرِیَاءِ	۳۱۷	۲۱	مُمَجَّدٌ	۳۳۳
۶	مُتَکَبِّرٌ	۳۱۸	۲۲	رَافِعٌ	۳۳۴
۷	جَلِیْلٌ	۳۱۹	۲۳	رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ	۳۳۵
۸	اَجَلُّ	۳۲۰	۲۴	ذُو الرِّفْعَةِ	۳۳۶
۹	ذُو الْجَلَالِ	۳۲۱	۲۵	اَکْرَمُ	۳۳۷
۱۰	ذُو الْجَبَرُوْتِ	۳۲۲	۲۶	ذُو الْاِکْرَامِ	۳۳۸
۱۱	عَلِیٌّ	۳۲۳	۲۷	فَائِقٌ	۳۳۹
۱۲	اَعْلٰی	۳۲۴	۲۸	فَاضِلٌ	۳۴۰
۱۳	مُتَعَالٌ	۳۲۵	۲۹	ذُو الْمَعَارِجِ	۳۴۱
۱۴	عَالِیْ	۳۲۶	۳۰	ذُو الْهَیْبَةِ	۳۴۲
۱۵	مُعَالِیْ	۳۲۷	۳۱	سَیِّدٌ	۳۴۳
۱۶	عَلَّامٌ	۳۲۸	۳۲	ذُو الْبَهَاءِ	۳۴۴

ردیف وار اسماء فصل چہاردہم عظمت

نمبرشمار	نام	دفعہ	نمبرشمار	نام	دفعہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	اَجَلُّ	۳۲۰	۱۷	رَافِعُ	۳۳۴
۲	اَعْلٰی	۳۲۴	۱۸	رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ	۳۳۵
۳	اَکْبَرُ	۳۱۶	۱۹	سَیِّدٌ	۳۴۳
۴	اَکْرَمُ	۳۳۷	۲۰	عَالِیٌّ	۳۲۶
۵	جَلِیْلٌ	۳۱۹	۲۱	عَظِیْمٌ	۳۱۳
۶	ذُوالْاِکْرَامِ	۳۳۸	۲۲	عَلاَّمٌ	۳۲۸
۷	ذُوالْبَہَاءِ	۳۴۴	۲۳	عَلِیٌّ	۳۲۳
۸	ذُوالْجَبَرُوْتِ	۳۲۲	۲۴	فَاضِلٌ	۳۴۰
۹	ذُوالْجَلَالِ	۳۲۱	۲۵	فَائِقٌ	۳۳۹
۱۰	ذُوالرِّفْعَۃِ	۳۳۶	۲۶	کَبِیْرٌ	۳۱۵
۱۱	ذُوالْعَظَمَۃِ	۳۱۴	۲۷	مَاجِدٌ	۳۳۰
۱۲	ذُوالْعَلَاءِ	۳۲۹	۲۸	مُتَکَبِّرٌ	۳۱۸
۱۳	ذُوالْکِبْرِیَاءِ	۳۱۷	۲۹	مُتَعَالٌ	۳۲۵
۱۴	ذُوالْمَجْدِ	۳۳۳	۳۰	مَجِیْدٌ	۳۳۱
۱۵	ذُوالْمَعَارِجِ	۳۴۱	۳۱	مَعَالِیْ	۳۲۷
۱۶	ذُوالْہَیْبَۃِ	۳۴۲	۳۲	مُمَجَّدٌ	۳۳۲

۳۱۳ — عَظِیْمٌ (عَظِیْمٌ) = بڑا، مثلاً وَہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اور اللہ بلند ہے، بڑا ہے، دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ $\frac{۲۵۵}{۳۶}\frac{۵}{۳}$ ۔

۳۱۴ — ذُوالْعَظَمَۃِ (ذُوالْعَظَمَۃِ) = عظمت والا ہے، کتاب الاذکار میں تسبیح ذیل یوں لکھی گئی ہے:— سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ = عزت اور عظمت اور بڑائی اور بزرگی والا خدا، سزاوار تسبیح ہے؛

۳۱۵ — کَبِیْرٌ (کَبِیْرٌ) = بڑا، مثلاً عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ = اللہ جو بڑا عالی شان ہے اور غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے دیکھو سورۂ رعد نمبر ۱۳ نمبر آیۃ $\frac{۹}{۱۷}$ ۱۶، فارسی میں اس کا ہم معنی نام بزرگ ہے —

۳۱۶ — اَکْبَرُ (اَکْبَرُ) = بہت بڑا، دیکھو دفعہ ۳۱۱ ۔ فارسی میں اس کا ہم معنی نام بزرگوار ہے

۳۱۷ — ذُوالْکِبْرِیَاءِ (ذُوالْکِبْرِیَاءِ) = بڑائی والا، دیکھو دفعہ ۳۱۴ فارسی میں اس کا ہم معنی نام بزرگوار ہے۔

۳۱۸ — مُتَکَبِّرٌ (مُتَکَبِّرٌ) = بزرگی والا ہے، مثلاً ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُہَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ = اللہ وہی ذات ہے جس کے سوا

کوئی معبود نہیں بادشاہ ہے، بڑا پاک ہے،
سلامت ہے، اَمن دینے والا ہے،
نگہبان ہے، زبردست ہے، بڑا مجبور
کرنے والا ہے، بزرگی والا ہے، وہ
جو شرک کرتے ہیں اللہ اوس سے پاک
ہے، دیکھو سورۂ حشر نمبر ۵۹ نمبر آیۃ ۲۳/۵۱۵۳ —
اصطلاح فارسی میں اس کے ہم معنی نام خود بین
وخودنما وگردن کش ہیں —

۳۱۹ — جَلِیل = عظمت والا، یہہ ذُو الجَلَال
کا ہم معنی ہے، اور دفعہ ۳۱۱ کی آیۃ
مندرجہ سے ماخوذ ہے، دیکھو دفعہ آیندہ —

۳۲۰ — اَجَلّ = بڑا بزرگوار، دیکھو دفعہ ۳۱۱ —

۳۲۱ — ذُو الجَلَال = صاحب عظمت، دیکھو دفعہ ۱۸

۳۲۲ — ذُو الجَبَرُوت = بزرگی والا، دیکھو دفعہ ۳۱۴، حدیث
نبوی میں سُبحَانَ ذِي الجَبَرُوتِ وَالمَلَكُوتِ
بھی آیا ہے —

۳۲۳ — عَلِيّ = بلند، عالی شان، دیکھو دفعہ ۳۱۳

۳۲۴ — اَعلیٰ = بڑا عالی شان، مثلاً سَبِّحِ
اسْمَ رَبِّكَ الاَعلیٰ = اپنے بڑے
عالی شان پروردگار کے نام کی تسبیح کیا کر، دیکھو
سورۂ اعلیٰ نمبر ۸۷ نمبر آیۃ ۱/۵۹۵۴ —

۳۲۵ — مُتَعَال = بڑا عالی شان ہے، دیکھو دفعہ ۳۱۵

۳۲۶ — عَالِي = بلند، برتر، اَزہری کا قول
ہے کہ عَالِي اور ذُو العُلَاء اور عَلَاء اور
مَعَالِي اور عَلِيّ اور مُتَعَالِي اور اَعلیٰ خدا کے اسماء
صفاتی ہیں اور قریب قریب ہم معنی ہیں، عَلِيّ اور
مُتَعَالِي اور اَعلیٰ کے معنی پہلے گذر چکے ہیں
دیکھو دفعہ ۳۲۳ و ۳۲۵ و ۳۲۴، اور تین
آخر الذکر کے معنی ذیل میں ترتیب وار بیان
کیئے جاتے ہیں؛ —

۳۲۷ — مَعَالِي = بمعنی عَالِي ہے، دیکھو دفعہ ۳۲۶

۳۲۸ — عَلَاء = مشرف، بزرگ، دیکھو دفعہ ۳۲۶ —

۳۲۹ — ذُو العُلَاء = بزرگی اور شرف کا صاحب
دیکھو دفعہ ۳۲۶ —

۳۳۰ — مَاجِد = بمعنی مجید ہے یعنی بزرگوار یہہ آیۃ
ذیل سے لیا گیا ہے: اِنَّهٗ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ
= بیشک خدا حمد کا سزاوار ہے، بزرگوار ہے،
دیکھو سورۂ ہود نمبر ۱۱ نمبر آیۃ ۷۳/۱۵۴۶، مَجِید کے معنی
بزرگی کے ہیں اور اسی لحاظ سے اس فصل
میں یہہ درج کیا گیا ہے مگر اہل زبان اس کو بمعنی
کرم کے زیادہ تر مستعمل کرتے ہیں دیکھو دفعہ ۵۷۴

۳۳۱ — مَجِید = بزرگوار، دیکھو دفعہ ۳۳۰ —

اس ہی کو فارسی مین بزرگوار کہتے ہین ــ

۳۳۲ ــ ذُوالْمَجْدِ = بزرگی والا، کتاب الادعیہ مین لکھا ہے کہ :ـ اَللّٰهُمَّ اَشْکُرُکَ عَلیٰ فَضْلِکَ وَکَرَمِکَ یَاذَاالْمَجْدِ وَالْکَرَمِ = یا اللہ تیرے فضل اور تیرے کرم کا مین شکریہ ادا کرتا ہون اے بزرگی اور مہربانی والا!

(ذوالمجد)

۳۳۳ ــ مُمَجَّدٌ = بزرگی سے منسوب، امام رازی نے تفسیر کبیر جلد اول صفحہ ۳۴ مطبوعہ شرفیہ مصر مین دعاء ذیل لکھی ہے :ـ یَااَیُّهَاالْمُسَبَّحُ بِکُلِّ لِسَانٍ یَااَیُّهَاالْمَمْدُوْحُ عِنْدَ کُلِّ اِنْسَانٍ یَااَیُّهَا الْمَرْجُوْعُ اِلَیْهِ فِیْ کُلِّ حِیْنٍ وَّاَوَانٍ = اے ہر زبان سے پاکی سے یاد کیا ہوا! اے ہر فرد انسان کا تعریف کیا ہوا! اے ہر وقت اور ہر ساعت مین مرجع خلائق! مگر کتاب الاذکار مین بعد یَااَیُّهَا الْمُسَبَّحُ بِکُلِّ لِسَانٍ کے یَااَیُّهَاالْمُمَجَّدُ وَالْمَمْدُوْحُ عِنْدَ کُلِّ اِنْسَانٍ الخ بھی لکھا ہوا ہے ــ

(ممجد)

۳۳۴ ــ رَافِعٌ = اوٹھانے والا، بلند کرنے والا، دیکھو دفعہ ۱۶۵ ــ

(رافع)

۳۳۵ ــ رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ = بڑا عالی مرتبہ ہے درجات کا بلند کرنے والا ہے، مثلاً رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ذُوالْعَرْشِ = خدا بڑا عالی مرتبہ ہے، عرش کا مالک ہے، دیکھو سورہ مُؤمن نمبر ۴۰ نمبر آیۃ ۱۵/۱۵|۱۴ !

(رفیع الدرجات)

۳۳۶ ــ ذُوالرِّفْعَةِ = عالی شان اور بزرگی والا ہے، یہہ اور رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ہم معنی ہین دیکھو دفعہ ۳۳۵ ــ

(ذوالرفعۃ)

۳۳۷ ــ اَکْرَمُ = بڑا کریم یا مُکَرَّم، مثلاً اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ = پڑھ اور تیرا پروردگار بڑا کریم ہے یا مکرم ہے دیکھو سورہ علق نمبر ۹۶ نمبر آیۃ ۱۳/۱۱۵

(اکرم)

۳۳۸ ــ ذُوالْاِکْرَامِ = اکرام والا ہے دیکھو دفعہ ۱۸۸

(ذوالاکرام)

۳۳۹ ــ فَائِقٌ = فوقیت رکھنے والا، چونکہ باری تعالیٰ سے فائق تر ہونا محال ہے لہذا اَلْفَائِقُ اَللّٰہ سے مخصوص ہو جاتا ہے وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ = اور ایک دانا سے بڑھ کر دانا ہے، دیکھو سورہ یوسفؑ نمبر ۱۲ نمبر آیۃ ۷۶/۱۶|۲

(فائق)

۳۴۰ ــ فَاضِلٌ = رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ کا ہم معنی ہے اوس کے معنی بلند مراتب والے کے ہین، اور قرآن مجید مین مذکور ہے، دیکھو دفعہ ۳۳۵ ــ

(فاضل)

۳۴۱ ــ ذُوالْمَعَارِجِ = صاحب مراتب، مثلاً لَیْسَ لَهٗ دَافِعٌ مِّنَ اللّٰهِ ذِی الْمَعَارِجِ = اللہ صاحب مراتب ہے اوس کے لیئے کوئی

(ذوالمعارج)

ٹالنے والا نہین ہے، دیکھو سورۂ معارج نمبر ۷۰ نمبر آیۃ ۱۱/۵۳۸۳ —

ذوالہیبۃ
۳۴۲ — ذُوالہَیبَۃِ = ہیبت والا، ہیبت یعنی خوف کے ہے بظاہر یہہ آیۃ ذیل یا اُس کے امثال سے لیا ہے :- اِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا یَوماً عَبُوساً قَمطَرِیراً = ہم کو اپنے پروردگار سے اوس دن کا ڈر لگ رہا ہے جس مین لوگ منہہ بنائے تیوری چڑھائے ہون گے دیکھو سورۂ دہر نمبر ۷۶ نمبر آیۃ ۱۰/۵۴۰۵ ، علیٰ ہذا القیاس اِس کے نظائر قرآن مجید مین جابجا مذکور ہین جن سے اوس کے جلال وحشمت کی ہیبت کا حال بخوبی معلوم ہو سکتا ہے بلکہ بہ نسبت بنی نوع انسان کے دیگر خلائق اوس سے زیادہ متاثر ہوتے رہتے ہین مثلاً لَو اَنزَلنَا ہٰذَا القُرآنَ عَلیٰ جَبَلٍ لَّرَاَیتَہٗ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّن خَشیَۃِ اللّٰہِ = اگر ہم یہہ قرآن کسی پہاڑ پر اوتارے ہوتے تو، تو اوس کو ضرور دیکھہ لیتا کہ خدا کے خوف کے مارے جھک گیا پھٹ پڑا ہوتا، دیکھو سورۂ حشر نمبر ۵۹ نمبر آیۃ ۲۱/۵۱۵۱

سید
۳۴۳ — سَیِّدٌ = سردار، یہہ نام قرآن مجید مین مذکور نہین ہے، ہان ابن عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے اور اون کا بیان ہے کہ میرے والد نے ایک دن فرمایا کہ مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ملنے کے لیے گیا تو اثناء گفتگو مین ہم نے عرض کیا کہ اَنتَ سَیِّدُنَا = آپ ہمارے سردار اور بزرگ ہین؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اَلسَّیِّدُ اللّٰہُ = سردار اور بزرگ خدا ہے اِس کا اطلاق خدا پر حقیقۃً ہے، سردار حقیقی انسان کا باری تعالیٰ ہے

ذوالبہار
۳۴۴ — ذُوالبَہَارِ = صاحب حسن؛ جب صفت باری ہو تو اِس کے معنی صاحب عظمت اور شان کے ہوتے ہین —

فصل پانزدہم ظہور و خفا

نمبر شمار	نام	دفعه	نمبر شمار	نام	دفعه
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	ظَاہِر	۳۴۵	۹	مُخرِج	۳۵۳
۲	مُظہِر	۳۴۶	۱۰	بَاطِن	۳۵۴
۳	مُتَجَلّي	۳۴۷	۱۱	مُخفِي	۳۵۵
۴	مُضِئ	۳۴۸	۱۲	مُجمِل	۳۵۶
۵	مُبدِي	۳۴۹	۱۳	سَتّار	۳۵۷
۶	نُور	۳۵۰	۱۴	سَتّير	۳۵۸
۷	مُنِير	۳۵۱	۱۵	حَائِل بَينَ المَرءِ وَقَلبِه	۳۵۹
۸	مُبِين	۳۵۲	۰	۰	۰

ردیف وار اسماء فصل پانزدہم ظہور و خفا

نمبر شمار	نام	دفعه	نمبر شمار	نام	دفعه
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	بَاطِن	۳۵۴	۹	مُتَجَلّي	۳۴۷
۲	حَائِل بَينَ المَرءِ وَقَلبِه	۳۵۹	۱۰	مُجمِل	۳۵۶
۳	مُخفِي	۳۵۵	۱۱	مُخرِج	۳۵۳
۴	سَتّار	۳۵۷	۱۲	مُضِئ	۳۴۸
۵	سَتّير	۳۵۸	۱۳	مُظہِر	۳۴۶
۶	ظَاہِر	۳۴۵	۱۴	مُنِير	۳۵۱
۷	مُبدِي	۳۴۹	۱۵	نُور	۳۵۰
۸	مُبِين	۳۵۲	۰	۰	۰

ظَاہِر

۳۴۵ - ظَاہِر = کھلا ہوا، مثلاً ہُوَ الاَوَّلُ وَالاٰخِرُ وَالظَّاہِرُ وَالبَاطِنُ = اللہ شروع سے ہے اور آخر تک رہیگا، اور وہ ظاہر ہے اور پوشیدہ ہے، دیکھو سورۃ حدید نمبر ۵۷ نمبر آیۃ $\frac{۳}{۵۰۸۳}$

مُظہِر

۳۴۶ - مُظہِر = ظاہر کرنے والا، یہہ آیۃ ذیل یا اس کے امثال سے لیا گیا ہے:

وَاِذ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰی بَعضِ اَزوَاجِہٖ حَدِيثاً، فَلَمَّا نَبَّاَت بِہٖ وَاَظہَرَہُ اللہُ عَلَيہِ عَرَّفَ بَعضَہٗ وَاَعرَضَ عَن بَعضٍ؛ فَلَمَّا نَبَّاَہَا بِہٖ قَالَت مَن اَنبَاَکَ ہٰذَا؛ قَالَ نَبَّاَنِيَ العَلِيمُ الخَبِيرُ = اور جب میرے نبي نے اپني بي بیون مین سے کسي سے چپکے سے ایک بات کہي پھر جب اُس بیوي نے اوس کي خبر کردي، اور خدا نے نبي پر اوس کو ظاہر کردیا تو نبي نے کچھہ جتایا اور کچھہ ٹال دیا؛ پس جب نبي نے اوس کي نسبت اوس بیوي کو جتایا تو وہ بیوي کہنے لگي کہ تجھ کو اِس سے کسي نے خبر دي؟ نبي نے کہا کہ مجھ کو بڑے جاننے والے خبردار نے خبر دي، دیکھو سورۃ تحریم نمبر ۶۶ نمبر آیۃ $\frac{۳}{۵۳۴۶}$، کبھي مظہر بمعني غالب کرنے والے کے بھي آتا ہے، اِس تقدیر پر سورۃ صف نمبر ۶۱ نمبر آیۃ $\frac{۹}{۵۱۷۶}$ کي اِس آیۃ سے لیا گیا ہے ہُوَ الَّذِي

اَرۡسَلَ رَسُوۡلَہٗ بِالۡہُدٰی وَدِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡہِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ
کُلِّہٖ وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُشۡرِکُوۡنَ = وہي خدا جس نے
اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر
بھیجا تاکہ اوس کو تمام دینون پر غالب رکھے
گو مشرکون کو برا لگے - چونکہ لفظ مُظۡہِر کي صورت
کذائي ایسي واقع ہوئي ہے کہ اوس مین بغیر
اعراب صیغہ اسم فاعل و ظرف و اسم مفعول
تینون شریک ہوسکتے ہین اور اس صورت مین
پورا دہوکا تھا اس لیئے ضرور ہوا کہ مذکورہ صیغ
مین سے مقصودي و غیر مقصودي صیغہ بتایا جائے
بضمۂ میم و فتحۂ ہا صیغہ اسم مفعول بھي ہوسکتا ہے
مگر یہہ ہي مقصود نہین ہے، مقصود صیغہ ظرف ہے
یعني ہر شئي مظہر الہي ہے = کُلُّ شَیۡءٍ مَظۡہَرُ اٰیَاتِہٖ -
چونکہ ہر شئي کا وجود مثبت باري تعالی ہے لہذا ہر
شئي کا مظہر الہي ہونا لازم ہے، دیکھو دفعہ ۳۰۰ -
صیغہ اسم فاعل کے پہلے اس سے ہر دو معني
بتائے گئے ہین -

۳۴۷ - مُتَجَلِّيٌ = جلوہ کرنے والا، مثلاً فَلَمَّا تَجَلّٰی
مُتَجَلِّيٌ | رَبُّہٗ لِلۡجَبَلِ جَعَلَہٗ دَکًّا وَّ خَرَّ مُوۡسٰی صَعِقًا = پس
جب اوس کے پروردگار نے پہاڑ پر جلوہ کیا تو
اوس کو چورہ کردیا اور موسی بیہوش ہوکر گر پڑا - دیکھو
سورۂ اعراف نمبر ۷ نمبر آیۃ $\frac{۱۳۹}{۱۰۹۲}$ -

۳۴۸ - مُضِيۡءٌ = روشن کرنے والا، یہہ آیۃ
مُضِيۡءٌ | ذیل یا اس کے امثال سے لیا گیا ہے -
اِنۡ جَعَلَ اللّٰہُ عَلَیۡکُمُ اللَّیۡلَ سَرۡمَدًا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ
مَنۡ اِلٰہٌ غَیۡرُ اللّٰہِ یَاۡتِیۡکُمۡ بِضِیَآءٍ اَفَلَا تَسۡمَعُوۡنَ = اگر اللہ
تم پر قیامت تک ہمیشہ رات کیئے رکھے تو اللہ
کے سوا کوئي اور خدا ہے؟ کہ تمھارے لیئے
روشني لائے، کیا تم نہین سنتے؟ دیکھو سورۂ
قصص نمبر ۲۸ نمبر آیۃ $\frac{۷۱}{۳۳۳۶}$ -

۳۴۹ - مُبۡدِيۡ = ظاہر کرنے والا، وَتُخۡفِيۡ
مُبۡدِيۡ | فِيۡ نَفۡسِکَ مَا اللّٰہُ مُبۡدِیۡہِ = اور تو اوس کو
اپنے دل مین چھپاتا تھا جس کو اللہ ظاہر کرنے والا
تھا، دیکھو سورۂ احزاب نمبر ۳۳ نمبر آیۃ $\frac{۳۷}{۳۵۷۳}$ -

۳۵۰ - نُوۡرٌ = روشني، مثلاً اَللّٰہُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ
نُوۡرٌ | وَالۡاَرۡضِ = اللہ آسمانون اور زمین کي
روشني ہے، دیکھو سورۂ نور نمبر ۲۴ نمبر آیۃ $\frac{۳۵}{۲۸۳۶}$

۳۵۱ - مُنِیۡرٌ = خود روشن، روشن کرنے والا،
مُنِیۡرٌ | یہہ صیغہ اسم فاعل باب افعال سے
لفظ نُوۡر کا ہے، قرآن مجید اور حدیث نبوي مین موجود ہے -

۳۵۲ - مُبِیۡنٌ = ظاہر کرنے والا، مثلاً وَ
مُبِیۡنٌ | یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ = اور

جان لین گے کہ اللہ سچا ہے، دکھانے والا ہے، دیکھو سورۂ نور نمبر ۲۴ نمبر آیۃ ۲۵/۲۸۴۶ —

مُخْرِجْ

۳۵۳ — مُخْرِجْ = ظاہر اور فاش کرنے والا مثلاً وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ = اور جو تم چھپاتے تھے اللہ اوس کو فاش کرنے والا تھا، دیکھو سورۂ بقرہ نمبر ۲ نمبر آیۃ ۷۲/۷۹ —

بَاطِنْ

۳۵۴ — بَاطِنْ = پوشیدہ، علم بالکنہ جس کا غیر ممکن ہے، دیکھو دفعہ ۳۴۵ —

خَفِيّ

۳۵۵ — خَفِيّ = پوشیدہ، ہم معنی باطن کے ہے، خفی ہم معنی خافی کے ہے، یہہ لغات اضداد مین سے ہے ضد اس کی علانیہ ہے، خفی بمعنی علانیہ کے بھی آیا ہے باری تعالی کی صفت لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ ہے یعنی اوس سے کچھہ پوشیدہ نہین ہے — خفی بمعنی ظاہر اس قول خدا مین ہے اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى = بیشک قیامت آنیوالی ہے مین اوسکو ظاہر کرنے کو ہون تاکہ ہر شخص اپنی کوشش کا بدلہ پاوے، دیکھو سورۂ طٰہٰ نمبر ۲۰ نمبر آیۃ ۱۵/۲۳۶۳ و ۱۶/۲۳۶۴

مُجْمَلْ

۳۵۶ — مُجْمَلْ = خارج ازحد ادراک ہے، مادۂ یعنی لفظ کے لحاظ سے اس کی کوئی سند نہین ملی —

سَتَّارْ

۳۵۷ — سَتَّارْ = بڑا چھپانے والا، بڑا پردہ رکھنے والا، یہہ آیۃ ذیل کی بناء پر ہے:- وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا = اور جب تو قرآن پڑھتا ہے تو ہم تم مین اور اون لوگون مین جو آخرت پر ایمان نہین لاتے ہین ایک گاڑھا پردہ کر دیتے ہین، دیکھو سورۂ بنی اسرائیل نمبر ۱۷ نمبر آیۃ ۴۵/۲۰۷۴، وَاللّٰهُ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ = اور اللہ عیبون کا خوب چھپانے والا ہے ستار صیغہ مبالغہ ہے

سِتِّيْر

